Kanas

فضل کا مالک
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

مومنو! اللہ سے ڈرو اور اس کے پیغمبر پر ایمان لاؤ اور وہ تمہیں اپنی رحمت سے دگنا اجر عطا فرمائے گا اور تمہارے لئے روشنی کر دیگا جس میں چلو گے اور تم کو بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے O (یہ باتیں) اسلئے (بیان کی گئی ہیں) کہ اہل کتاب جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل پر کچھ بھی قدرت نہیں رکھتے۔ اور یہ کہ فضل اللہ ہی کے ہاتھ ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے O
(سورۃ حدید 67 ..... ترجمہ آیت (28,29) ..... (قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ کا احترام آپ پر لازم ہے)

PBK NEWS

THE DAILY JANG KARACHI
روزنامہ جنگ کراچی
بانی ..... میر خلیل الرحمٰن
قیمت 30 روپے
جلد 87 | بدھ 21 جمادی الاول 1445ھ 6 دسمبر 2023ء | نمبر 334

دو صوبوں میں بدامنی انتخابی مہم چلائی جاسکتی ہے؟

فضل الرحمٰن

8 فروری کو انتخابات کرانے کے سوا کوئی راستہ نہیں

پرویز اشرف

منصفانہ الیکشن کا انعقاد ممکن نہیں، ہم تیار ہیں مگر ماحول دیا جائے، PP سے رابطہ نہیں، ن لیگ سے انتخابی اتحاد ہوگیا، پنجاب اور KP میں سیٹ ایڈجسٹمنٹ کریں گے، امیر JUI

کوشش کرنی چاہئے الیکشن متنازع نہ ہوں، سلیکشن سے بننے والی حکومت ڈلیور نہیں کر پائے گی، ملک کسی ایک جماعت کا نہیں، سب کو لیول پلیئنگ فیلڈ دینا ہوگی، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (ایجنسیاں) جمعیت علماء اسلام (ف) کے امیر مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ دو صوبے دہشت گردی اور بدامنی کی لپیٹ میں ہیں، ڈی آئی خان، ٹانک اور لکی مروت میں پولیس نہیں، کیا ایسے ماحول میں انتخابی مہم چلائی جاسکتی ہے یا الیکشن ہوسکتے ہیں؟ ایسی صورت میں منصفانہ انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں، ہم الیکشن کا التوا نہیں چاہتے مگر پرامن ماحول دیا جائے، لاہور میں تو سب

باقی صفحہ 6 نمبر 42

لاہور (ایجنسیاں) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ 8 فروری کو انتخابات کرانے کے سوا کوئی راستہ نہیں، تمام جماعتوں کو کوشش کرنی چاہئے الیکشن متنازع نہ ہوں ورنہ سلیکشن کے نتیجے میں بننے والی حکومت ڈلیور نہیں کر پائے گی، الیکشن کمیشن نے ہر حال میں خود کو غیر جانبدار رکھنا ہے، پاکستان ہم سب کا ہے کسی ایک جماعت کا

باقی صفحہ 6 نمبر 43

خاور مانیکا کے بیان کی اہمیت نہیں تو ملازم کی کیا ہوگی؟، پی ٹی آئی

لاہور (پی پی آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حامد خان کا کہنا ہے کہ خاور مانیکا کے بیان

باقی صفحہ 6 نمبر 44

ٹان فائلرز کے بجلی کنکشن کاٹنے کا فیصلہ

کراچی (ٹی وی رپورٹ) IMF مذاکرات کے تحت ٹان فائلرز کے بجلی کنکشن کاٹنے کا فیصلہ،

باقی صفحہ 6 نمبر 45

غیر شرعی نکاح کیس

عمران خاور مانیکا کی غیر موجودگی میں بشریٰ سے ملنے آتے تھے

گھریلو ملازم کا بیان

خاور مانیکا کے کہنے پر کئی بار عمران خان کو گھر سے نکالا، 2017 میں بشریٰ بی بی کو طلاق ہوئی تھی، محمد لطیف، سماعت 8 دسمبر تک ملتوی

عمران کا 2015 سے خاور مانیکا کے گھر آنا جانا تھا، پہلی دفعہ دونوں کو قابل اعتراض حالت میں دیکھا تو پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی

اسلام آباد (رپورٹ، عاصم جاوید) خاور مانیکا کے گھریلو ملازم نے نکاح سے پہلے عمران خان اور بشریٰ بی بی کے درمیان ناجائز تعلقات کی گواہی دیدی۔ ملازم محمد لطیف نے بتایا کہ عمران خان کا 2015 سے خاور مانیکا کے گھر آنا جانا تھا، پہلی دفعہ دونوں کو قابل اعتراض حالت میں دیکھا تو پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی، خاور مانیکا کے کہنے پر کئی بار عمران خان کو گھر سے نکالا، 2017 میں خاور مانیکا

باقی صفحہ 6 نمبر 46

الیکشن ایکٹ کا تقاضا ہے تمام سیاسی جماعتوں میں قیادت منتخب ہو، جعلی انٹرا پارٹی الیکشن کا عمل ختم اور انتخابی قوانین اور ضابطوں کا پابند بنایا جائے

PTI انٹرا پارٹی الیکشن چیلنج

انتخاب محض دکھاوا، فریب پارٹی ارکان ووٹ دینے سے محروم رہے، بانی کی اکبر ایس بابر کی الیکشن کمیشن میں درخواست دائر

انٹرا پارٹی انتخابات کی دستاویزات ECP میں جمع، اردن ترجمان تحریک انصاف، بانی چیئرمین کو پارٹی عہدے سے ہٹانے متعلق الیکشن کمیشن کا فیصلہ محفوظ

پارٹی کا نیا چیئرمین آگیا کیس ختم ہوجانا چاہیے، وکیل بانی چیئرمین، آپ آرڈر لکھ دیں عمران سزا یافتہ، پارٹی عہدہ نہیں رکھ سکتے، درخواست گزار، عمران نے الیکشن لڑا ہی نہیں ہم کچھ نہیں کہہ سکتے، چیف الیکشن کمشنر

اسلام آباد (طاہر خلیل، ایوب ناصر) الیکشن کمیشن میں پاکستان تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی انتخابات کو چیلنج کر دیا گیا اس حوالے سے پی ٹی آئی

باقی صفحہ 6 نمبر 47

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سابق چیئرمین پی ٹی آئی کی نااہلیت سے متعلق کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ پی ٹی آئی

باقی صفحہ 6 نمبر 48

گیس کی قیمتوں میں 137 فیصد اضافے کی تیاری، بجلی بھی مزید مہنگی

بجلی اکتوبر کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مہنگی کی گئی، لائف لائن اور K الیکٹرک صارفین پر اضافے کا اطلاق نہیں ہوگا، نیپرا

اسلام آباد (این این آئی) سوئی ناردرن نے اوگرا میں گیس 1715 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو مہنگی کرنے کی درخواست کر دی دوسری جانب نیپرا نے بھی بجلی 3 روپے 5 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا بجلی اکتوبر کی فیول پرائس

باقی صفحہ 6 نمبر 49

سابق سیکرٹری ایوان صدر وقار احمد سیکرٹری نیشنل سکیورٹی ڈویژن تعینات

اسلام آباد (رانا غلام قادر) وفاقی بیوروکریسی میں تقرر و تبادلے، سابق سیکرٹری ایوان صدر وقار احمد کو سیکرٹری نیشنل سکیورٹی ڈویژن تعینات، سیکریٹریٹ گروپ کے گریڈ 22 کے افسر وقار

باقی صفحہ 6 نمبر 50

پشاور، اسکول کے قریب دھماکا، 3 بچوں سمیت 7 افراد زخمی

درسک روڈ پر سڑک کنارے نصب دھماکا خیز مواد پھٹنے سے بنک کے شیشے ٹوٹ گئے، دکانوں کو بھی نقصان

پشاور (ٹی وی رپورٹ) درسک روڈ پر نجی بینک اور اسکول کے قریب دھماکے میں 3 بچوں سمیت 7 افراد زخمی ہوگئے۔ جیو نیوز کے مطابق پشاور کے علاقے درسک روڈ پر نجی بینک اور اسکول کے قریب سڑک کنارے نصب دھماکا خیز مواد پھٹ

باقی صفحہ 6 نمبر 53

اس وقت PTI کا کوئی قانونی چیئرمین نہیں ہے، اکبر ایس بابر

PTI الیکشن کلین سویپ کریگی اس تاثر کا کریڈٹ دیگر جماعتوں کو جاتا ہے، عاصمہ شیرازی

بجلی صارفین سے زائد بل وصول کئے جانے کے حیران کن انکشافات، جیو پر شاہزیب کا تجزیہ

کراچی (ٹی وی رپورٹ) جیو کے پروگرام "آج شاہزیب خانزادہ کے ساتھ" میں گفتگو کرتے ہوئے سابق رکن پاکستان تحریک انصاف اکبر ایس

باقی صفحہ 6 نمبر 51

پی ٹی آئی کے ڈمی الیکشن دیکھ کر تعجب نہیں ہوا، ناز بلوچ

PTI کے بانی رکن اکبر ایس بابر نے فارن فنڈنگ کیس میں بھی پارٹی کو ایکسپوز کیا تھا، علی گوہر

الیکشن ملتوی ہونے کی کوئی وجہ نہیں، ہمایوں مہمند جیو کے "کیپٹل ٹاک" میں میزبان سے گفتگو

کراچی (ٹی وی رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر ہمایوں مہمند نے کہا ہے کہ اس وقت الیکشن ملتوی ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے، جیت کا

باقی صفحہ 6 نمبر 52

ڈاکٹر عافیہ کو امریکی جیل میں جنسی زیادتی کا نشانہ بنانے کا انکشاف

20 سال میں ڈاکٹر عافیہ کئی کربناک عذاب سے گزریں، بحیثیت امریکی شرمندگی محسوس کرتا ہوں

حکومت پاکستان کی ناکامی ہے کہ وہ عافیہ کو واپس نہیں لا پائی، کلائیو اسٹیفورڈ اسمتھ کا جنگ کو خصوصی انٹرویو

ٹیکساس (راجہ زاہد اختر خانزادہ / نمائندہ جنگ) امریکا کی قید میں پاکستانی ڈاکٹر عافیہ کے وکیل کلائیو اسٹیفورڈ اسمتھ نے الزام عائد کیا ہے کہ

باقی صفحہ 6 نمبر 54

مسافر کی شوگر لو، بھارتی طیارے کی کراچی میں ایمرجنسی لینڈنگ

کراچی (سہیل افضل/افضل ندیم ڈوگر) بھارت سے دبئی کی پرواز کی کراچی میں میڈیکل ایمرجنسی لینڈنگ، ایوی ایشن ذرائع کے مطابق

باقی صفحہ 6 نمبر 55

بھارت، الیکٹرانک ووٹنگ مشین پر عدم اعتماد، الزامات اور خدشات

نریندر مودی کی پے در پے جیت پر اپوزیشن کا شدید ردعمل، تجزیے اور تبصرے

تحریک انصاف کی حکومت نے بھی انتخابات میں ای وی ایم کے ذریعے ایسی ہی کوشش کی تھی

اسلام آباد (فاروق اقدس خصوصی رپورٹ) بھارت کی چار اہم ریاستوں میں حکمران جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی کی مسلسل کامیابیوں کے باعث

باقی صفحہ 6 نمبر 56

اسلام آباد: پہلی بار سیکٹرز میں پبلک ٹرانسپورٹ چلانے کا فیصلہ

اسلام آباد (رانا غلام قادر) سی ڈی اے کا وفاقی دارالحکومت میں پہلی بار سیکٹرز میں پبلک ٹرانسپورٹ چلانے کا فیصلہ، چین سے 30 جدید

باقی صفحہ 6 نمبر 57

جنوبی غزہ میں گھمسان کی جنگ، اسپتال کا گھیراؤ، صورتحال تاریخ کا سیاہ ترین باب

رہائشی عمارتوں پر شدید بمباری، مزید 100 افراد شہید، 5 اسرائیلی فوج ہلاک کر دیئے، حماس

غزہ، کراچی (اے ایف پی، نیوز ڈیسک) غزہ پر دو ماہ سے جاری اسرائیل کی سفاکانہ کارروائیوں میں شدت، اسپتالوں کے اطراف اور

باقی صفحہ 6 نمبر 61

گورنمنٹ حج اسکیم، 10 دن میں صرف 12600 درخواستیں وصول

اسپانسرشپ اسکیم کے تحت 800 درخواستیں آئی ہیں، گورنمنٹ اسکیم کا حج کوٹہ 89 ہزار 605 ہے

اسلام آباد (رانا غلام قادر) گورنمنٹ اسکیم تحت حج درخواستوں کی وصولی کی آخری تاریخ میں صرف ایک ہفتہ باقی رہ گیا۔ گورنمنٹ حج اسکیم، 10

باقی صفحہ 6 نمبر 64

ریئل ٹائم ڈیٹا کو ٹیکس مشینری سے مربوط کرنے کیلئے ترامیم کی تجاویز

ایف بی آر نے 145 وفاقی وصوبائی محکموں، مالی اداروں، ہاؤسنگ سوسائٹیوں، ٹول پلازوں کیلئے تجاویز دیں

اسلام آباد (مہتاب حیدر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 145 وفاقی وصوبائی محکموں، مالی اداروں، ہاؤسنگ سوسائٹیوں، ٹول پلازوں اور دیگر

باقی صفحہ 6 نمبر 65

عام انتخابات کے انعقاد پر 47 ارب 42 کروڑ روپے خرچ ہوں گے

اتحادی حکومت نے جاتے جاتے عام انتخابات کیلئے فنڈز جاری کرنے کی حکمت عملی طے کر لی تھی

فنڈز مرحلہ وار جاری کرنے کا فیصلہ کیا، مزید 17 ارب 40 کروڑ روپے منگل کے روز جاری

اسلام آباد (رانا غلام قادر) عام انتخابات کے انعقاد پر مجموعی طور پر 47 ارب 42 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ اتحادی حکومت نے جاتے جاتے

باقی صفحہ 6 نمبر 58

پاکستان اسٹاک ایکسچینج مزید بلند ترین سطح پر جائیگا، اپیرل فورم

اسلام آباد (رپورٹ حنیف خالد) ٹیکسٹائل انڈسٹری کے درجنوں شعبوں کے قائدین کے منتخب کردہ پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید

باقی صفحہ 6 نمبر 59

آج کا اخبار 8 صفحات پر مشتمل ہے، قیمت 30 روپے

سکھ رہنما پر ناکام قاتلانہ حملے کا معاملہ بھارتی وزیر خارجہ کے ساتھ اٹھایا ہے، امریکا

واشنگٹن (جنگ نیوز) امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے کہا ہے کہ امریکی وزیر خارجہ ٹونی بلنکن نے بھارتی وزیر خارجہ کے ساتھ سکھ رہنما پر ناکام قاتلانہ حملے کا معاملہ اٹھایا ہے۔ بھارت کی

باقی صفحہ 6 نمبر 60

اسرائیلی فوجیوں کے روحانی رہنما بریگیڈیئر جنرل ایال کریم کا ماضی انتہائی متنازع

انہوں نے کہا تھا فوجیوں کو جنگ کے دوران خواتین کی عصمت دری کی اجازت ہے

"نیا چیف ملٹری ربی، جنگ میں عصمت دری جائز ہے" نامزدگی پر اسرائیل کے اخبار کی ہیڈ لائن

ان کے 2002 کے ریمارکس آج بھی اسرائیل کی ایک مذہبی ویب سائٹ پر موجود ہیں

کراچی (رفیق مانگٹ) غزہ میں دہشت پھیلانے والے اسرائیلی فوجیوں کو روحانی رہنمائی دینے والے بریگیڈیئر جنرل ایال کریم کا ماضی

باقی صفحہ 6 نمبر 62

الیکشن کمیشن نے انتخابات ملتوی کرنے کی 17 درخواستیں سننے کا فیصلہ کر لیا

اسلام آباد (ٹی وی رپورٹ) الیکشن کمیشن نے عام انتخابات ملتوی کی درخواستیں سننے کا فیصلہ کر لیا، بلوچستان سے دائر درخواستوں میں انتخابات ملتوی

باقی صفحہ 6 نمبر 63

Meezan لیباک
PBK NEWS 03489517717
زندگی کے مقدس ترین سفر کا آغاز کیجئے میزان بینک کے ساتھ!
اپنی درخواستیں قریبی میزان بینک برانچ میں 27 نومبر 2023 سے 12 دسمبر 2023 تک جمع کروائیں۔

		جنوبی ریجن (کراچی، کوئٹہ، سکھر)	شمالی ریجن (دیگر شہر)
لانگ حج پیکیج (38 تا 42 دن/مدینہ 8 دن)	ریگولر حج اسکیم	1,065,000 روپے	1,075,000 روپے
	اسپانسرشپ حج اسکیم	3,765 امریکی ڈالر	3,800 امریکی ڈالر
شارٹ حج پیکیج (20 تا 25 دن/مدینہ 3 تا 5 دن)	ریگولر حج اسکیم	1,140,000 روپے	1,150,000 روپے
	اسپانسرشپ حج اسکیم	4,015 امریکی ڈالر	4,050 امریکی ڈالر

اسپانسرشپ کے لیے: MORA امریکی ڈالر اکاؤنٹ کی تفصیلات
ٹائٹل : SPONSORSHIP HAJJ COLLECTION ACCOUNT - MORA
آئی بی اے این : PK31MEZN0003050107890040
سوئفٹ کوڈ : MEZNPKKA

مزید معلومات کے لئے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں یا قریبی میزان بینک برانچ پر تشریف لائیں۔
میزان بینک
پریمیئر اسلامی بینک
Follow us on 111-331-331 & 111-331-332 www.meezanbank.com
ARGUS

MCB Islamic Bank Ltd.
MCB Islamic
بابرکت بینکاری، ہماری ذمہ داری
اسلامک بینکنگ کسٹمرز کے لیے خوشخبری!
ایم سی بی اسلامک بینک کے کسٹمرز اب خصوصی انتظام کے تحت اپنی مندرجہ ذیل بینکنگ ٹرانزیکشنز ایم سی بی بینک کی پاکستان بھر میں 1400 سے زائد برانچز پر بھی انجام دے سکتے ہیں۔
MCB Islamic Bank Limited
MCB Bank Limited
+200 برانچز
+1400 برانچز
کیش نکلوانا
کیش جمع کروانا
ایم سی بی چیک ڈائریکٹ ٹرانسفر
چیک کلیئرنگ
اس شاندار سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے آج ہی ایم سی بی اسلامک بینک میں اپنا اکاؤنٹ کھلوائیں!
042-111-222-642 www.mcbislamicbank.com
An MCB Bank Organization

شہر قائد

لیاقت آباد مارکیٹ کے سامنے غیر قانونی چھتاروں اور پارکنگ کے باعث ٹریفک جام معمول بن گیا ہے، (پی آئی آئی)

کرنسی ریٹ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	282.25	285.50
کینیڈین ڈالر	206.00	208.00
پاؤنڈ سٹرلنگ یو کے	356.50	360.00
آسٹریلین ڈالر	185.00	187.00
جاپانیین ین رنگ	63.50	64.50
یو اے ای درہم	77.30	78.00
سعودی ریال	75.30	76.00
عمانی ریال	730.20	737.50
یورو	305.00	308.00
جاپانی ین	1.93	1.88
کویتی دینار	905.05	914.10
بحرین دینار	745.50	752.95

یہ قیمت بدھ، مورخہ 6 دسمبر 2023ء کی ہیں

PARACHA
INTERNATIONAL EXCHANGE (PVT) LTD
UAN: 111-900-000
021-34312285, 86, 87

کراچی کے اوقات نماز

صبح صادق	5:37		
فجر	6:20	اہل تشیع کیلئے	
ظہر	1:15		
عصر	4:30	فجر	5:41
مغرب	5:42	ظہر ین	12:22
عشاء	7:30	مغرب ین	5:55
آج غروب آفتاب	5:42		
کل طلوع آفتاب	6:59		

ٹریفک حادثے، کرنٹ لگنے سے 2 افراد جاں بحق، پرانا گولیمار سے لاش ملی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی صنعتی ایریا خیبر گوٹھ چائنا چوک کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 38 سالہ کاشف جاں بحق ہوگیا، گلزار وہجری اسکیم 33 سیکٹر چوک کے قریب پی ایم سی نے تار چوری کرتے ہوئے کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا، عمر 35 سے 40 سال کے قریب ہے اور دو ننھے کا عاری معلوم ہوا ہے، علاوہ ازیں پرانا گولیمار کنٹر مانیپور ڈبلیو ایم ڈی والی گلی سے 30 سال کے نامعلوم شخص کی لاش ملی، نعشوں کی شناخت نہیں ہوسکی۔

ڈی جی رینجرز کی زیر صدارت سیکیورٹی کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس

اسٹریٹ کرائم، پانی کی چوری، غیر قانونی قیام، غیر ملکیوں کے انخلاء سے متعلق تفصیلی جائزہ لیا گیا

رینجرز سندھ میں ڈی جی رینجرز میجر جنرل اظہر وقاص کی زیر صدارت سیکیورٹی کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں دہشت گردی، امن و امان کی صورتحال، بالخصوص اسٹریٹ کرائم، اسٹریٹ، اسمگلنگ، پانی کی چوری اور دیگر جرائم کی روک تھام، غیر قانونی قیام، غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کے انخلاء کیلئے اٹھائے جانے والے اقدامات پر تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی جی انٹیلی جنس ایجنسیز، ڈی جی ایف سی، ڈی آئی جی کراچی، ڈی جی ایف سی کراچ

بھارت 2030ء تک دنیا کی تیسری بڑی اقتصادی طاقت بن جائے گا

انڈیا کے پاس انگلا بڑا مینوفیکچرنگ ہب بن کر جرمنی کو پیچھے چھوڑنے کا موقع ہے، ایس اینڈ پی گلوبل

کراچی (نیوز ڈیسک) ایس اینڈ پی گلوبل ریٹنگز نے پیشگوئی کی ہے کہ رواں دہائی کے آخر تک بھارت یورپی یونین کی سب سے بڑی معیشت جرمنی کو پیچھے چھوڑ کر اقتصادی لحاظ سے دنیا کی تیسری بڑی طاقت بن جائے گا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق، ایس اینڈ پی گلوبل نے اپنی تازہ ترین رپورٹ "گلوبل کریڈٹ آؤٹ لک 2024" میں بتایا ہے کہ بھارت 2030 تک دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا، بین الاقوامی مالیاتی

باقی صفحہ 6 نمبر 1

اسٹیورڈ اور دھوبی کی ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو گالیاں، زدوکوب کیا

سندھ گورنمنٹ اسپتال نیو کراچی کے اے ایم ایس کی شکایت جمع، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کی مذمت

کراچی (بابر علی اعوان / اسٹاف رپورٹر) سندھ گورنمنٹ اسپتال نیو کراچی کے اسٹیورڈ اور دھوبی کی جانب سے ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو گالیاں دینے اور زدوکوب کرنے کی کوشش کا واقعہ سامنے آیا ہے جس کی ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن نے مذمت کی ہے۔ اے ایم ایس ڈاکٹر سعد جمال نے واقعے کے خلاف اسپتال انتظامیہ کو شکایت

باقی صفحہ 6 نمبر 2

شیخ مجیب بننے کی دھمکی ملک توڑنے کے مترادف ہے، ضیاء عباس

چیئرمین پی ٹی آئی کو اپنی سیاسی پالیسی بدلنا ہوگی اور ملک کے مفاد میں کام کرنا ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر سیاست داں اور مسلم لیگ کے سابق سیکرٹری جنرل سید ضیاء عباس نے کہا ہے کہ عمران خان کی جانب سے شیخ مجیب الرحمن بننے کی دھمکی ملک کو توڑنے کے مترادف ہے، چیئرمین پی ٹی آئی کو اپنی سیاسی پالیسی بدلنا ہوگی اور ملک کے مفاد میں کام کرنا ہوگا۔ عمران خان اقتدار سے محرومی کے بعد مسلسل ملک کو نقصان پہنچانے میں مصروف ہیں۔

جج کی رخصت، عمران کی درخواست ضمانت پر کارروائی ملتوی

کراچی (جنگ نیوز) جج کی رخصت کے باعث سابق چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی کر دی گئی۔ خصوصی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین کے رخصت پر ہونے کے باعث سماعت نہ ہوسکی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی

باقی صفحہ 6 نمبر 30

خیرپور میڈیکل کالج کی گرلز ہاسٹل میں فائنل ایئر کی طالبہ سنیا کیسوانی ہلاک

خیرپور (غلام عباس بھنبھرو) خیرپور میڈیکل کالج کی گرلز ہاسٹل میں فائنل ایئر کی طالبہ سنیا کیسوانی ہلاک ورثاء بغیر پوسٹ مارٹم کے سنیا کی لاش گھر لے گئے جبکہ ڈاکٹر کمیشن کا کہنا ہے کہ میری بہن کا انتقال حرکت قلب بند ہونے سے ہوا۔ تفصیلات کے مطابق خیرپور میڈیکل کالج کی گرلز

باقی صفحہ 6 نمبر 3

نامور کلاسیکل گلوکار حسین بخش گلو انتقال کر گئے

کراچی (نیوز ڈیسک) نامور کلاسیکل گلوکار حسین بخش گلو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے، اہلخانہ نے تصدیق کردی، ان کی عمر 75 برس تھی۔ انہوں نے دنیا بھر میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ واضح رہے کہ استاد حسین بخش گلو شام چوراسی گھرانے سے

باقی صفحہ 6 نمبر 4

پاکستان چیسٹ سوسائٹی سندھ چیپٹر کے تحت سانس کی نالیوں کی دائمی سوزش کی بیماری سے بچاؤ کا عالمی دن منایا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان چیسٹ سوسائٹی سندھ چیپٹر کے تحت سانس کی نالیوں کی دائمی سوزش کی بیماری (سی پی او ڈی) سے بچاؤ کا عالمی دن منایا گیا۔ جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر نجی ہوٹل میں منعقد آگہی

باقی صفحہ 6 نمبر 5

نشے میں کہیں وہ تنہا نہ رہ جائے!

نشے کی بیماری میں مبتلا انسان علاج کا فیصلہ خود نہیں کرسکتے، یہ فیصلہ ان سے پیار کرنے والے کرتے ہیں۔

صداقت کلینک 1980 سے نشے کے علاج میں تسلیم شدہ راہنما ادارہ ہے۔ ان گنت زندگیاں سنبھل گئیں اور گھر ٹوٹنے سے بچ گئے۔

وہ فیصلہ کیجئے جو مریض نہیں کرسکتا، اسے گھر سے لانے اور نشے سے نجات دلانے کی ذمہ داری ہم قبول کرتے ہیں۔

آخر نشہ آپ کے پیارے کا مقدر کیوں رہے؟ ابھی رابطہ کیجئے

0314-6865271

صداقت کلینک
A Turning Point for you

A1/29 ناظم آباد 1 کراچی
021-36617712
021-36617713
www.sadaqatclinic.com

سعودی قطری رابطہ کونسل کا اجلاس، کئی معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

ریاض (شاہد نعیم) سعودی قطری رابطہ کونسل کے منگل کو دوحہ میں ہونے والے اجلاس کے موقع پر دونوں ملکوں کے درمیان متعدد معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے ہیں۔ سعودی قطری رابطہ کونسل کے اجلاس کی صدارت ولی عہد

باقی صفحہ 6 نمبر 6

فرانس، کرسمس اور اولمپک گیمز کی سیکیورٹی پر سوالات اٹھنا شروع

پیرس (رضا چوہدری / نمائندہ جنگ) فرانس میں رواں ماہ کرسمس تہوار اور سال نو کے علاوہ اولمپک کے موقع پر سیکیورٹی پر سوال اٹھنے شروع ہو گئے، خصوصی طور اولمپک کیمپوں کے دریائے سین پر افتتاحی تقریب کے حوالے سے ایک بار پھر سوالات اٹھے ہیں۔ فرانسیسی حکام کا اصرار ہے کہ وہ اس

باقی صفحہ 6 نمبر 7

سعودی عرب، شادی سے قبل طبی معائنے میں ڈرگ ٹیسٹ بھی شامل کرنے کی تجویز

ریاض (شاہد نعیم) سعودی عرب میں ارکان شوریٰ نے شادی سے قبل طبی معائنے میں ڈرگ ٹیسٹ کو بھی شامل کرنے کی تجویز دی ہے۔ ارکان شوریٰ شہزادی ڈاکٹر الجوھرہ بنت فہد آل سعود، ڈاکٹر

باقی صفحہ 6 نمبر 8

افغان طالبان ہمسایہ ممالک سے تعلقات ٹھیک کریں، چین

اپنی حکومت تسلیم کروانے کیلئے طالبان کو سیاسی اصلاحات اور سکیورٹی بہتر کرنا ہوگی

بیجنگ (اے ایف پی، جنگ نیوز) چین نے کہا ہے کہ افغان طالبان ہمسایہ ممالک سے تعلقات ٹھیک کریں، چینی وزارت خارجہ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ افغانستان کی طالبان حکومت کو اپنی حکومت تسلیم کروانے کیلئے سیاست میں اصلاحات متعارف کروانے، سکیورٹی کی صورتحال بہتر کرنے اور ہمسایہ ممالک سے تعلقات ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے۔ بیجنگ نے باضابطہ طور پر افغانستان کی طالبان حکومت کو تسلیم نہیں کیا ہے، حالانکہ دونوں ممالک ایک دوسرے کے سفیروں کی میزبانی کرتے ہیں اور سفارتی تعلقات برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان وانگ وین بن نے طالبان حکومت کو تسلیم کرنے کے حوالے سے سوال کا

باقی صفحہ 6 نمبر 9

نائیجریا، میلاد کی تقریب پر ڈرون حملہ، 85 شہری شہید

ریاست کاڈونا میں نائیجیرین فوج نے غلطی سے اجتماع پر بمباری کردی، تحقیقات کا حکم

لاگوس (اے ایف پی) نائیجریا میں میلاد کی تقریب پر ڈرون حملہ، 85 شہری شہید، واقعہ ریاست کاڈونا میں پیش آیا جہاں حکام کے مطابق مسلح افراد کو نشانہ بنانے کی کوشش کے دوران میلاد کے اجتماع پر بمباری کردی گئی، حکام نے تحقیقات کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق ریاست کاڈونا میں نائیجیریائین فوج کے ڈرون نے مسلح گروپوں کو نشانہ بناتے ہوئے غلطی سے کم از کم 85 شہریوں کو شہید کردیا، واقعہ فوجی بمباری کے دوران ہلاکتوں کا

باقی صفحہ 6 نمبر 10

کراچی میں تکنیکی خرابی پر پائلٹ ٹیک آف منسوخ کرکے قومی طیارہ واپس لے آیا

کراچی (افضل ندیم ڈوگر) کراچی ایئرپورٹ پر تکنیکی خرابی پر پی آئی اے کی پرواز کو پائلٹ ٹیک آف پوائنٹ سے واپس لے آیا۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق پرواز پی کے 308 کراچی سے اسلام

باقی صفحہ 6 نمبر 11

ایف آئی اے سکھر کرائم ونگ، کوچ سے پونے دو کروڑ روپے کی غیر ملکی کرنسی برآمد

کراچی (اسد ابن حسن) ہنڈی حوالے کے تناظر میں ایف آئی اے کرائم سرکل سکھر کی ایک ٹیم نے بہاولپور سے کراچی آنے والی کوچ پر پیر کی صبح سکھر کے قریب چھاپہ مارا اور دو افراد کو گرفتار کرکے

باقی صفحہ 6 نمبر 12

فرانس کی سابقہ کالونیز افریقی ممالک برکینا فاسو، مالی اور نائیجر کا فیڈریشن کے قیام کا فیصلہ

کراچی (نیوز ڈیسک) مغربی افریقہ کے تین ملکوں برکینا فاسو، مالی اور نائیجر نے فیڈریشن کے قیام کیلئے اقدامات شروع کردیے ہیں اور اسی سلسلے میں تینوں ملکوں کے وزرائے خارجہ نے تشکیل دیے

باقی صفحہ 6 نمبر 13

مقبوضہ کشمیر، قابض انتظامیہ نے بجلی کے ٹیرف میں 15 فیصد اضافہ کردیا

سرینگر (اے پی پی) غیر قانونی طور پر زیر قبضہ جموں وکشمیر میں پہلے سے غربت کا شکار کشمیری عوام کے گرد معاشی شکنجہ مزید کسنے کیلئے بھارتی

باقی صفحہ 6 نمبر 14

صدر نے سربراہ داؤدی بوہرہ برادری ڈاکٹر مفضل سیف الدین کو نشان پاکستان سے نوازا

اسلام آباد (اے پی پی) صدر ڈاکٹر عارف علوی نے پاکستان سمیت دنیا کے مختلف حصوں میں تعلیم کے فروغ، صحت، ماحولیاتی اور سماجی تحفظ کے شعبے میں خدمات پر داؤدی بوہرہ برادری کے داعی و سربراہ ڈاکٹر سیدنا مفضل سیف الدین کو نشان

باقی صفحہ 6 نمبر 15

یوکرین کیلئے ہمارے پاس پیسے ختم، کانگریس مزید فنڈ دے، وائٹ ہاؤس

سابقہ منظور شدہ 62.3 ارب ڈالر امداد کا 97 فیصد حصہ نومبر کے وسط تک ختم ہوچکا تھا، شالینڈ اینگ

کراچی (نیوز ڈیسک) امریکی حکومت کے پاس یوکرین کو دینے کیلئے فنڈز تقریباً ختم ہوچکے ہیں اور اب وائٹ ہاؤس نے ارکان کانگریس سے اپیل کی ہے کہ ہنگامی بنیادوں پر اضافی فنڈز کی منظوری دی جائے کیونکہ سابقہ منظور کردہ فنڈز بس ختم ہونے والے ہیں۔ پیر کو ارکان کانگریس کو لکھے ایک خط میں وائٹ ہاؤس کے آفس آف مینجمنٹ

باقی صفحہ 6 نمبر 16

قدیم تاریخی کوٹ ڈیجی قلعہ کی 6 لاپتہ توپوں کا سراغ لگالیا گیا

مختلف محکموں کے دفاتر کے باہر نصب تھیں، وزیراعلیٰ کی ہدایات پر واپس مانگ لی گئیں

کراچی (مطلوب حسین / اسٹاف رپورٹر) سندھ کے ڈھائی سو سالہ قدیم تاریخی کوٹ ڈیجی قلعہ کی 6 لاپتہ توپوں کا سراغ لگالیا گیا ہے، محکمہ ثقافت، نوادرات و آرکائیو سندھ کے نگراں وزیر ڈاکٹر جنید علی شاہ نے بتایا ہے کہ کوٹ ڈیجی قلعہ کی 6 نایاب توپیں چوری ہوکر تقریباً گزشتہ 30 سال سے سندھ کے مختلف محکموں کے دفاتر کے باہر نصب تھیں جن کی

باقی صفحہ 6 نمبر 17

اسرائیل حماس تنازع، روسی صدر بدھ کو سعودیہ اور عرب امارات پہنچیں گے

کراچی (نیوز ڈیسک) اسرائیل اور فلسطین کی تنظیم حماس کے درمیان جاری تنازع کے دوران روس کے صدر ولادیمیر پوتن بدھ کو سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کا اہم دورہ کرنے والے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق، دونوں ملکوں کے دورے کے دوران وہ باہمی تعلقات، تیل کے شعبے میں تعاون اور ساتھ ہی اسرائیل فلسطین تنازع

باقی صفحہ 6 نمبر 18

شیریں مزاری گرفتاری، ہائیکورٹ نے انکوائری کمیشن کی رپورٹ طلب کرلی

اسلام آباد (خبر نگار) اسلام آباد ہائیکورٹ نے اینٹی کرپشن پنجاب کی جانب سے شیریں مزاری کی گرفتاری پر بنائے گئے انکوائری کمیشن کی رپورٹ طلب کرلی۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ انکوائری کمیشن رپورٹ دیکھے بغیر درخواست نہیں نمٹا سکتا۔ گزشتہ روز سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر شیریں مزاری کی اینٹی کرپشن پنجاب کی جانب سے گرفتاری

باقی صفحہ 6 نمبر 19

ملٹری انجینئرسروسز

ٹینڈر نوٹس

ٹینڈر/انکوائری نمبر 6020-CMES/51/E-6 مورخہ 04-12-2023

01۔ دفتر (PAF) CMES فیصل کو PPRA رول 13(1) بابتہ 2004 کی روشنی میں مندرجہ ذیل کاموں کیلئے سربمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں۔

	تقریباً لاگت		
02 PAF(a) میں چند غیر رہائشی سہولت کی تعمیر	(CC)	9.900 (ملین) روپے	
PAF(b) میں چند غیر رہائشی سہولت کی مرمت/تبدیلی	(FF)	4.720 (ملین) روپے	

03۔ کنٹریکٹر کیلئے ضروری ہے کہ ٹینڈر دستاویزات کے اجراء کیلئے اپنی درخواستیں اپنی مکمل اسناد جیسا کہ (نمبر شمار 9 پر درج ہے) کے ساتھ 21 دسمبر 2023 تک جمع کرائیں۔ درخواستوں کی جانچ پڑتال کی جائے گی اور ٹینڈر دستاویزات صرف ان فرموں کو جاری کی جائیں گی جو متعلقہ شعبہ میں موزوں تجربہ کی حامل ہوں گی اور جاب اور ایریا کیلئے درکار دیگر خصوصی شرائط پر پورا اتریں گی۔ ٹینڈر صرف جانچ پڑتال شدہ کنٹریکٹر کو جاری کئے جائیں گے۔ ٹینڈر 22 دسمبر 2023 کو دن کے 11:30 بجے تک قبول کرنے والے افسر کو لازماً موصول ہوجانا چاہئے اور اسی تاریخ پر دوپہر 12:00 بجے کھولا جائے گا۔

نوٹ: کنٹریکٹرز اس امر کا سرٹیفکیٹ فراہم کریں کہ وہ قانونی عدالت میں کسی بھی سرکاری محکمہ کے ساتھ کسی بھی نوعیت کی مقدمہ بازی میں ملوث نہیں ہیں اور یہ کہ ڈائریکٹریٹ آف انسپکشن اینڈ ایولیوایشن (E-in-C's برانچ GHQ) کی کوئی انسپکشن رپورٹ انکے خلاف موجود نہیں ہے۔

04۔ تمام کنٹریکٹرز کو تحریراً تصدیق کرنی ہوگی کہ وہ پاکستان انجینئرنگ کونسل (PEC) کے پاس رجسٹرڈ ہیں اور اپنے رجسٹریشن کی ایک نقل پیش کرنا ہوگی۔ جو کنٹریکٹرز PEC کے پاس رجسٹرڈ نہیں ہیں وہ درخواست دینے کے لیے اہل نہیں ہیں۔

05۔ کیٹگریز "B"، "C" اور "D" یا دیگر سرکاری برائے بلاحد میں MES کی منظور شدہ فہرست پر موجود کنٹریکٹرز اور نیز اسی نوعیت کے کام کے تجربہ کے حامل درخواست دے سکتے ہیں، وہ درخواست دیں۔

06۔ کنٹریکٹرز جو خواہشمند ہیں ٹینڈرز کے کھلنے کے وقت موجود رہ سکتے ہیں۔

07۔ قبول کرنے والے افسر کا یہ حق محفوظ ہے کہ وہ ٹینڈر قبول کرلے یا مسترد کردے۔ مسترد شدہ ٹینڈرز پر PPRA رولز کے پیرا (i)33 کے مطابق عملدرآمد کیا جائے گا۔

08۔ دلچسپی رکھنے والی پارٹیاں مزید تفصیلات کیلئے GE (ایئر) فیصل اور AGE (ایئر) میرپور خاص مجاز نمائندہ سے تمام ایام کار میں صبح 8:00 بجے تا سہ پہر 2:00 بجے رابطہ کرسکتی ہیں۔

09 نمبر شمار	گزشتہ 2 برسوں کے دوران انجام دیے گئے اور جاری کام کے نام	ایجنسی	کام کی مالیت	اجازت یافتہ مدت (ماہ)	تاریخ آغاز	تاریخ تکمیل	زیر تکمیل کاموں کی فیصد پروگریس	انجینئر انچارج کی جانب سے ہر ایک کام پر محکمہ جاتی کارکردگی رپورٹ

(PID K No.1655/2023)

SHAIKH ZAYED FEDERAL POSTGRADUATE MEDICAL INSTITUTE, LAHORE

ADMISSION NOTICE

Applications on prescribed forms are invited from eligible Pakistani National candidates for Postgraduate Training of **FCPS Level-III & IV session January, 2024** at Shaikh Zayed Federal Postgraduate Medical Institute, Lahore detail is as under: -

POSTGRADUATE TRAINING PROGRAMMES

S. #	FCPS-II DISCIPLINES	ELIGIBILITY CRITERIA
1.	i) GEN. SURGERY ii) ORTHOPAEDIC iii) PLASTIC SURGERY iv) UROLOGY v) ANAESTHEISA vi) E.N.T vii) GYNAE & OBST viii) OPHTHALMOLOGY	i) Basic Medical Qualification of MBBS or equivalent medical qualification recognized by the PM&DC. ii) Certificate of one year house job in institution recognized by the PM&DC. iii) Valid certificate of permanent registration with PM&DC. iv) FCPS Part-I Congratulations letter
2.	i) INT. MEDICINE ii) CARDIOLOGY iii) NEPHROLOGY iv) DERMATOLOGY v) PHSYCHIATRY vi) PAEDIATRIC MEDICINE vii) RADIOLOGY viii) HISTOPATHOLOGY ix) HAEMATOLOGY	
3.	LEVEL-IV 2ND QUALIFICATION FCPS GASTROENTEROLOGY FCPS RHEUMATOLOGY FCPS PAIN MEDICINE • Basic criteria of Level-III training Disciplines. • Must possess Level-III FCPS degree in Medicine & Anaesthesia respectively.	

REQUIRED DOCUMENTS

i) MBBS degree & detail marks sheets of all professional examinations.
ii) PM&DC valid permanent registration Certificate.
iii) Copy of Attempt Certificate.
iv) Copy of Distinction Certificate (if any).
v) Copy of BLS, ALS, ACLS, PALS & ATLS Certificate (AHA certified).
vi) Copy of Soft Skills Workshop (if any).
vii) Copy of publications (if any) in approved journal from PM&DC/PubMed Indexed & HEC.
viii) Domicile Certificate.
ix) Computerized National Identity Card (CNIC).
x) Three passport size photographs duly attested front & back.
xi) Those having foreign qualifications are required to submit HEC/PM&DC equivalency certificate.
xii) Candidate can apply only two training programs with separate forms.
xiii) Those candidates who have already completed two years mandatory training in Gen. Medicine / Surgery are eligible to apply for specialty training.

IMPORTANT

- Application and academic info form can be downloaded from the website, www.skzmdc.edu.pk processing & application fee (Rs. 2,000) shall be submitted through **Intra Bank Transection (IBT)** in favour of Deputy Dean Shaikh Zayed Postgraduate Medical Institute, Lahore Account No. 3154820902 National Bank of Pakistan (NBP) Shaikh Zayed Hospital, Lahore Branch code 1707 and forms can be sent through couriers on the above cited form address. Copy of Intra Bank Transection must be attached with application form. **Forms** are also available from account section of FPGMI, Lahore on Payment of **Rs. 2000/-**.
- Bank Draft/Pay Order not accepted.
- The information given in the application form shall be verified at three (03) stages: -
  - During the submission & processing of application.
  - At the time of Acceptance/joining.
  - During the training.
- If information submitted is found wrong, mismatched or forged, the application will be rejected and contract will be discontinued with no right of appeal at institution/government level.
- Applications received after due date or with incomplete information (**Academic Info form**) shall not be entertained.
- For further information please contact with the office of Medical Education Department **(Phone 042-35865731-35 Ext. 2323)** of SZFPGMI, Lahore.

DATE TO BE REMEMBER

- Last Date for submission of applications form on **Friday 15th December 2023 at 1100AM.**
- Only short-listed candidates will be called for interview through on their cell phones.

(CHAIRMAN) PID(L)1766
SHAIKH ZAYED FEDERAL POSTGRADUATE MEDICAL INSTITUTE, LAHORE

ISLAMIC RELIEF

Islamic Relief in Pakistan is registered with the Securities and Exchange Commission of Pakistan (CUIN Registration No. 0033819) under Section 42 of Companies Ordinance 1984

Islamic Relief (IR) is an International Relief and Development Organization providing humanitarian aid during emergencies and working for long-term development of World's poorest people.

Tender Notice

Islamic Relief (Pakistan Office) intends to award contracts for its **Project** for the following detail;

S.#	Project Name	Locations
1.	Provision and Installation of 396 No's household level Solar Packages	District Dadu, Sindh
2.	210 No's Material Supply for One Room Shelters, Latrines and Kitchen	District Thatta, Sindh

Itemized Specifications are available in tender pack which can be downloaded from Islamic Relief website https://islamic-relief.org.pk/tenders/ from **Dec 06, 2023 to Dec 18, 2023**.

The interested companies are hereby advised to notify Islamic Relief on irp.procurement@irp.org.pk through email after downloading the Tender Document.

Last Date for Submission of Tender is December 18, 2023 on or before 1700 hours
Address for submission of sealed tender
Procurement Committee (Islamic Relief)
IRM Complex, No.7, Sunrise Avenue, Park Road, Near Comsats University, Islamabad
Tel: 051- 211 4212- 17

یونیورسٹی آف سندھ
علامہ آئی آئی قاضی کیمپس جامشورو
فون نمبر 022-9213-224، ای میل: pso@usindh.edu.pk
Purchase & Stores Officer
Ref:pso/Uos Dated:

نیلامی نوٹس

مندرجہ ذیل پرانے/ناکارہ/ناقابل مرمت اور ناقابل تلافی میٹریل، بلند ترین آفرز بڈز (سربمہر لفافوں) کے ذریعے بیچے اور جہاں بنیاد پر نیلام کیا جائیگا۔ قواعد و ضوابط کے ساتھ دستاویز، نیلامی نوٹس کی اپ لوڈنگ/اشاعت کی تاریخ سے زیر نگرانی کے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

نمبر شمار	پرانا/ناکارہ/ناقابل مرمت/اور ناقابل تلافی آئٹمز	از	تا	جمع کرانا	کھلنا
-1	پرانی جوانی کاپیاں	05-12-2023	20-12-2023	20-12-2023	20-12-2023
-2	پرانے ناقابل مرمت CPU/مانیٹرز/کی بورڈ/ماؤس/فوٹو کاپیئر			دوپہر 12:00 بجے	دوپہر 12:30 بجے
-4	پرانے ٹائرز				
-8	پرانی بیٹریز				

-/3000 روپے (ناقابل واپسی) کی بڈنگ دستاویز فیس اور بڈ سیکورٹی -/100,000 روپے بطور ایڈوانس (قابل واپسی) بشکل پے آرڈر بحق یونیورسٹی آف سندھ، جامشورو از ناشکر ہو۔ بڈنگ دستاویزات مندرجہ بالا شیڈول کے مطابق حاصل کی جاسکتی ہیں اور زیر نگرانی کے دفتر میں جمع کرائی ہوں گی، مکمل شرائط و ضوابط پر مشتمل بڈنگ دستاویزات ویب سائٹ www.usindh.edu.pk پر بھی دستیاب ہے۔ پیشکشیں زیر نگرانی کے دفتر میں کھولی جائیں گی۔

یونیورسٹی اتھارٹی کو بلا اظہار وجوہ کوئی یا تمام پیشکشیں مسترد یا قبول کرنے کا حق حاصل ہے۔

دستخط: **پرچیز اسٹورز آفیسر**
بنگلہ نمبر A-05، علامہ آئی آئی قاضی کیمپس
یونیورسٹی آف سندھ، جامشورو-76080
فون نمبر: 022-9213-224، ای میل: pso@usindh.edu.pk

INF/KRY No.4598/2023 | پڑھے لکھے سندھ ---- بڑھے سندھ

اشتہار برائے نیلام عام

مالیاتی ادارے (مالیات کی وصولی) کے آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 15(4) کے زیر چلے گئے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے مالیاتی ادارہ (مالیات کی وصولی) کے رول 2018 کے رول 3(c) کے ساتھ پڑھیں۔ سے ایس بینک لمیٹڈ "جس میں، جہاں ہیں" کی بنیاد پر کسی بعد ازاں مداخلت کے بغیر بحق آگرہ شدہ اثاثہ کی بنیادی کارروائی کرتا ہے۔

مالیاتی ادارے (مالیات کی وصولی) کے آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 15(4)(b) کے مقاصد کے لیے لازمی تفصیلات کو مالیاتی ادارہ (مالیات کی وصولی) کے رول 2018 کے رول 3 کے ساتھ پڑھیں جو ذیل کے طور پر مندرجہ ذیل ہیں:

قرض لینے والے کی تفصیلات (حاصل کردہ مالیات)	میسرز ساگر انٹرپرائزز، بذریعہ اپنے شراکت داروں، واقع کاروباری جگہ کمرہ نمبر 203، دوسری منزل، حسین ٹریڈ سینٹر، الطاف حسین روڈ، کراچی۔
رہن آگروی جائیداد کی تفصیلات	رہائشی پلاٹ نمبر A-173 پر تعمیر شدہ مکان کے ساتھ تمام لازمی حصے (رقبہ 424.67 مربع گز) واقع دارالسلام کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، سیکٹر F-31، کورنگی، کراچی۔
رہن آگروی جائیداد کے مالک کا نام اور پتہ	مسٹر محمد یامین ولد قاسم علی رہائشی مکان نمبر A-173، دارالسلام کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، سیکٹر F-31، کورنگی، کراچی
رہن آگروی جائیداد کے لئے بقایا آؤٹ اسٹینڈنگ رقم	92,045,892.14 روپے (صرف نوکروڑ بیس لاکھ پینتالیس ہزار آٹھ سو بیانوے روپے چودہ پیسے) 30 ستمبر 2022 تک چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ فرم کے ذریعہ طے شدہ۔ بقایا کی وصولی تک فنڈز کی لاگت بھی وصول کی جائے گی
مقررہ قیمت	51,750,000 روپے (صرف پانچ کروڑ سترہ لاکھ پچاس ہزار روپے)
نیلامی کے اوقات کار	نیلامی کی کارروائی کا آغاز درج ذیل اوقات کار کے مطابق ہوگا: ۱۔ بتاریخ 28 دسمبر 2023 (جمعرات) بوقت سہ پہر 3:00 بجے ۲۔ ایس بینک لمیٹڈ، شاہین کمپلیکس برانچ واقع مین شاہین کمپلیکس بلڈنگ، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، سول لائنز، کراچی ۳۔ نیلامی سے قبل تمام ضروری انتظامات کو مکمل کرنے کے بعد نیلامی بتاریخ 28 دسمبر 2023 (جمعرات) بوقت سہ پہر 3:30 بجے (بروقت) شروع کردی جائے گی۔

شرائط و ضوابط برائے نیلامی

۱۔ نیلامی کی کارروائی میں شرکت کے لیے شرکاء کو اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور اس کی تین نقول ساتھ لانی ہوں گی۔
۲۔ نیلامی اپنے مقرر کردہ وقت 3:00 بجے شروع کردی جائے گی اور اس میں شرکت کے لیے تاخیر کی کسی قسم کی سہولت فراہم نہیں کی جائے گی۔
۳۔ 51,750,000 روپے کی ریزرو قیمت سے کم کوئی بولی قبول نہیں کی جائے گی
۴۔ نیلامی کی کارروائی میں شرکت کرنے والے شرکاء بے ایس بینک لمیٹڈ کے نام پر طلبات کے طور پر -/500,000 روپے کا پے آرڈر فراہم کریں گے اور اس پے آرڈر کو بینک کی جانب سے نامزد کردہ نیلام کنندہ کے حوالے کردیں گے۔ نیلامی کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد بطور طلبات فراہم کی گئی رقم ناکام بڈرز/خریداروں کو واپس کردی جائے گی۔
۵۔ کامیاب بڈر/خریدار نیلامی کے دو دن کے اندر بڈ/بولی کی رقم کا 25 فیصد حصہ بینک میں ڈپازٹ جمع کروائے گا، اور بقیہ 75 فیصد بولی کی رقم کا حصہ پہلے ڈپازٹ کی تاریخ سے 15 دن کے اندر کامیاب بڈر/خریدار کی جانب سے ڈپازٹ جمع کروائی جاسکتی ہے۔
۶۔ اگر کامیاب بڈر/خریدار مقررہ وقت میں بولی کی بقیہ رقم جمع ڈپازٹ کروانے میں ناکام ہوجاتا ہے تو بولی کی رقم کا حصہ اور پہلا 25 فیصد حصہ بڈر/خریدار کو واپس ری فنڈ نہیں کیا جائے گا، اور اس رقم کو قرض خواہ کی متعلقہ ذمہ داری کی کٹوتی میں ایڈجسٹ کیا جائے گا اور نیلامی کا آغاز دوبارہ کیا جائے گا۔
۷۔ بینک یہ صوابدیدی اختیار رکھتا ہے کہ رہن شدہ آگروی شدہ جائیداد کو عوامی سطح پر ہونے والی نیلامی کی بڈ/بولی سے 10 فیصد زیادہ قیمت پر خرید سکتا ہے جس پر سب سے زیادہ بولی لگانے والا بڈر/خریدار اعتراض نہیں کرسکتا۔
۸۔ کامیاب بڈر/خریدار متعلقہ ٹیکسز کو لازمی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
۹۔ رہن شدہ/آگروی شدہ جائیداد کی نیلامی کی کارروائی "جیسے ہیں جہاں ہیں" کی بنیاد پر ہوتی ہے، اور یہاں دی گئی تفصیلات بینک کے مطابق بالکل درست ہیں۔
۱۰۔ فروخت/نیلامی کی تصدیق بینک کی انتظامیہ کی جانب سے ہوگی۔ بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ بتائے بغیر تمام یا کسی بھی پیشکش کو مسترد کردے۔
۱۱۔ فروخت کی کارروائی/دستاویز کی منتقلی کے اخراجات کو خریدار برداشت کرے گا۔

مزید تفصیلات کے لیے براہ کرم رابطہ کریں: ایس بینک لمیٹڈ اثاثہ مینجمنٹ
چوتھی منزل، شاہین کمپلیکس، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، کراچی
(Ph:0345-2089208 / 0322-2414232)

بینک کا نیلام کنندہ: اعجاز شیرازی اینڈ کمپنی
آفس نمبر 63، پانچویں منزل، فرید چیمبرز، عبداللہ ہارون روڈ، صدر، کراچی
فون نمبر: 0333-2252629

JS BANK
021/051-111-654-321 24/7 کال سینٹر
www.jsbl.com

بعدالت جناب ملک اللہ دتہ انجم صاحب
سول جج بھی ٹیل

دعویٰ:- دلا پانے رقم 44 74331.34 معہ خرچہ عنوان:- عبدالحفیظ بنام ڈی ایچ کمپنی بذریعہ منیجر جنرل منیجر سکنہ محلہ موڑ بھی ٹیل حال بنگلہ نمبر KDA، D-133 سکیم نمبر 05 پلاٹ نمبر 04 کلفٹن کراچی۔ ہرگاہ مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ مورخہ 14-12-2023 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی

روزنامہ جنگ کراچی
بانی : میر خلیل الرحمٰن
بدھ 21 رجمادی الاول 1445ھ 6 دسمبر 2023ء

فرمان الٰہی ۔ سورۂ طٰہٰ

(کہ خود بھی) کھاؤ اور اپنے چارپایوں کو بھی چراؤ۔ بیشک ان (باتوں) میں عقل والوں کے لئے (بہت سی) نشانیاں ہیں O اسی (زمین) سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور اسی میں تمہیں لوٹائیں گے اور اسی سے دوسری دفعہ نکالیں گے O اور ہم نے فرعون کو اپنی سب نشانیاں دکھائیں مگر وہ تکذیب اور انکاری کرتا رہا O کہنے لگا کہ موسیٰ کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ اپنے جادو (کے زور) سے ہمیں ہمارے ملک سے نکال دو O (ترجمہ آیت 54-57)

نیب کی نئی پالیسی!

قومی احتساب بیورو (نیب) ایک عرصہ سے شدید تنقید کی زد میں ہے۔ سیاسی حلقوں میں اسے مرے سے ختم کرنے کی باتیں ہو رہی ہیں کیونکہ جو کام اس کے ذمے لگایا گیا ہے اسے انجام دینے کیلئے پہلے ہی کچھ دوسرے ادارے موجود ہیں۔ اسے ایک ڈکٹیٹر کے حکم پر قائم کیا گیا تھا جو جائز یا ناجائز ہر طریقے سے اس کے ذریعے اپنے سیاسی مخالفین کو شکنجے میں لانا چاہتا تھا۔ نیب بظاہر نہ صرف اس کی خواہشات پر پورا اترتا دکھائی دیا بلکہ آنے والی سیاسی حکومتوں کے کام بھی آتا رہا۔ اس نے جہاں نظام میں پائی جانے والی بدعنوانی، بے ضابطگی، کرپشن اور قومی وسائل کی لوٹ مار پر سے پردہ اٹھایا اور اس کے ذمہ دار افراد کو قانون کٹہرے میں کھڑا کیا وہاں برسر اقتدار حکومتوں کے مخالفین پر ایسے مقدمات بھی بنائے جو عدل و انصاف کے تقاضوں پر پورا نہیں اترتے تھے۔ اس کی وجہ سے اس کی ساکھ متاثر ہوئی۔ بہت سے بیوروکریٹس پر بھی مقدمات قائم کئے گئے جس سے بیوروکریسی میں بددلی پیدا ہوئی۔ ایسے کئی کیسز درست بھی ثابت ہوئے مگر اکثر بے بنیاد نکلے۔ ایسے کچھ کیسوں کی نشاندہی پنجاب کے سینئر بیوروکریٹس نے گزشتہ روز نیب کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد بٹ کے ساتھ ڈھائی گھنٹے کی ایک طویل نشست میں کی اور اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ مثلاً ایک سیکرٹری کے خلاف انکوائریز کی گئیں۔ سب میں ریلیف ملا مگر کیس ختم نہیں ہوا۔ ایک اور سیکرٹری نے بتایا کہ کابینہ کی منظوری سے پیسے ملتے ہیں اور پروجیکٹس پر خرچ ہوتے ہیں تو انکوائری لگا دی جاتی ہے۔ اگر ہم حکومت کے دیئے گئے پیسے خرچ نہ کریں اور واپس ہو جائیں تو حکومت ہم سے بازپرس کرتی ہے اور خرچ کریں تو نیب انکوائری لگا دیتا ہے۔ احد چیمہ جیسے افسروں جن کے ہر کیس میں کچھ ثابت نہیں ہوا لیکن ہتھکڑیاں لگا کر ان کا میڈیا ٹرائل کیا گیا اور معاشرے اور خاندان میں رسوا کیا گیا۔ 56 کمپنیوں کے کیسز کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پراجیکٹس کی منظوری کابینہ نے دی جبکہ سپریم کورٹ نے نوٹس لیا۔ نیب نے کیس بنایا اور افسروں سے ان کی تنخواہیں واپس لی گئیں جبکہ کچھ کے پاس واپس دینے کیلئے پیسے بھی نہیں تھے۔ یہ بھی بتایا گیا کہ ہر ادارے کے اندر انٹرنل احتساب کا میکنزم موجود ہے نیب تحقیقات کرتا ہے تو متعلقہ محکمے کا نمائندہ بھی موجود ہونا چاہئے۔ چیئرمین نیب نے بیوروکریسی کو یقین دلایا کہ مستقبل میں کسی افسر کا میڈیا ٹرائل نہیں ہوگا۔ احد چیمہ آخری کیس میں بھی بری ہو گئے تو میں ان سے معافی مانگنے ان کے گھر جاؤں گا۔ نیک نیتی اور مفاد عامہ کے کیسز میں افسروں سے پوچھ گچھ نہیں ہوگی اور بے نامی درخواستوں پر کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ تمام کیسز پہلے زیر بحث آئیں گے پھر آگے بڑھیں گے۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق ہوا کہ کوئی بھی انکوائری شروع کرنے سے پہلے کیسز پر بات کرنے کیلئے مشترکہ ٹیم کی ہر دو ماہ بعد ملاقات کا انتظام کیا جائے گا۔ دریں اثنا چیئرمین نیب نے ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے لئے بھی نئی پالیسی کا اعلان کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس وقت ہر دس میں سے سات سوسائٹیاں فراڈ کر رہی ہیں۔ عوام کو ان سے بچانے کیلئے ان کے خلاف شکنجہ سخت کیا جائے گا اور بلڈر اور خریدار کے درمیان ٹرانزیکشن میں ریگولیٹر کا اضافہ کیا جائے گا۔ تمام ٹرانزیکشنز بینکوں کے ذریعے ہوں گی اور بذریعہ کیش ادائیگی کی اجازت نہیں ہوگی۔ چیئرمین نیب نے بیوروکریسی کے تحفظات اور ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے متعلق عوام کی شکایت دور کرنے کیلئے جن اقدامات کا اعلان کیا ہے وہ انصاف کا تقاضا اور وقت کی ضرورت ہیں۔ احتساب کا ادارہ نظام میں پائی جانے والی خرابیاں دور کرنے کیلئے بہت ضروری ہے مگر اسے شفاف اور منصفانہ طریقے سے اپنے فرائض انجام دینے چاہئیں تاکہ کوئی اس کی جانبداری پر انگلی نہ اٹھا سکے۔

اسٹاک مارکیٹ بلند ترین

پاکستان کیلئے ایک اچھی پیش رفت یہ ہوئی ہے کہ حکومت کے انتہائی مشکل حالات میں مالی معاملات کو خوش اسلوبی سے ہینڈل کرنے کے نتیجے میں ملکی معیشت درست سمت میں آ گئی ہے پاکستان کی برآمدات بڑھنے اور درآمدات کم ہونے لگی ہیں جس کے نتیجے میں تجارتی توازن کے خسارے میں کمی کا آغاز ہو گیا۔ خلیجی ممالک کے ساتھ معاہدوں، ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے تمام اہم سیکٹرز میں سرمایہ کاری کے مثبت اثرات سامنے آئے ہیں۔ ایکسپورٹ بڑھ کر 12 ارب 17 کروڑ ڈالر ہو گئی اور امپورٹ 21 ارب 55 کروڑ تک نیچے آ گئی۔ اسٹاک مارکیٹ میں بلندی کا سفر جاری ہے۔ پیر کے روز کے ایس ای 100 انڈیکس میں 801 پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔ پہلی مرتبہ 62 ہزار پوائنٹس کی حد بھی عبور ہو گئی جو ملکی تاریخ میں 100 انڈیکس کی بلند ترین شرح ہے۔ 63.84 فیصد کمپنیوں کے شیئرز کی قیمت بڑھ گئی۔ کاروباری حجم بھی 38.19 فیصد زیادہ رہا۔ اسٹاک مارکیٹ میں تاریخی تیزی گزشتہ ماہ شروع ہوئی تھی۔ غیر ملکی کارپوریشنز نے نومبر میں 6 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کے حصص کا لین دین کیا اور ان کی جانب سے 3 کروڑ 10 لاکھ ڈالر کے حصص فروخت جبکہ خالص خریداری 3 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کی گئی اس طرح 2017 کے بعد سب سے زیادہ غیر ملکی رقم آئی۔ پیر کو بھی آئل اینڈ گیس، آٹو، کیمیکلز اور بینکنگ سیکٹر میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کی خریداری سے مارکیٹ میں تیزی کی بڑی لہر چھائی رہی، ماہرین اس اضافے کو مستقبل قریب میں بھی مثبت معاشی منظرنامے سے منسوب کر رہے ہیں۔ اسٹاک مارکیٹ کے کاروبار میں اتار چڑھاؤ تو لگا رہتا ہے۔ تاہم یہ تاثر بھی قابل توجہ ہے کہ مارکیٹ میں دانستہ طور پر تیزی دکھائی جاتی ہے اور جب مارکیٹ انتہائی بلندی پر پہنچ جاتی ہے تو بڑے سرمایہ دار اچانک سرمایہ نکال لیتے ہیں جس سے مارکیٹ کریش ہو جاتی ہے اور چھوٹے شیئر ہولڈرز کے اربوں روپے ڈوب جاتے ہیں۔ اس تاثر کو بھی زائل ہونا چاہئے۔

گوادر: صاف پانی

نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور چین کے سفیر جیانگ زائی ڈانگ نے پیر کو گوادر میں چین پاکستان دوستی اسپتال اور سمندری پانی کو قابل استعمال بنانے کے پلانٹ کا افتتاح کیا۔ یہ دونوں منصوبے پاکستان اور عوامی جمہوریہ چین کی اُس بے مثال دوستی کے عکاس ہیں جس کا خاص طور پر تذکرہ وزیراعظم کاکڑ نے صحافیوں سے گفتگو میں کیا۔ نگراں وزیراعلیٰ بلوچستان علی مردان ڈومکی کے مطابق واٹر پلانٹ سے شہریوں کو 5 لاکھ گیلن پانی میسر آئیگا۔ وزیراعظم نے درست کہا کہ اسپتال اور ٹریٹمنٹ پلانٹ سمیت سی پیک منصوبوں سے گوادر میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے، وقت گزرنے کے ساتھ ترقی کا یہ سفر آگے بڑھے گا۔ اس موقع پر چینی سفیر جیانگ زائی ڈانگ کا کہنا تھا کہ ہمارا مقصد سی پیک منصوبوں کی بروقت تکمیل ہے، گوادر پورٹ سی پیک کا کلیدی منصوبہ ہے، سی پیک سے ملازمتوں کے 2 لاکھ 36 ہزار مواقع پیدا ہوئے۔ چینی سفیر نے بلوچستان میں سولر چینل منصوبہ اور کوئٹہ میں ایمرجنسی سینٹر کے قیام کا اعلان بھی کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ چین پاکستان رابطہ کاری منصوبہ (سی پیک) کیم قیمتی منصوبہ ہے، اس کی بدولت ملک بھر میں سڑکوں کی تعمیر سمیت مختلف انواع منصوبوں پر کام آگے بڑھا ہے۔ جبکہ گوادر چین اور وسطی ایشیا کو مشرق وسطیٰ کے ساتھ جوڑنے والے تجارتی مقام کا درجہ حاصل کرنے کی سمت بڑھ رہا ہے۔ وزیراعظم کاکڑ نے اسپتال اور واٹر پلانٹ کی افتتاحی تقریب میں چین کے صدر شی جن پنگ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے جو باتیں کہیں وہ تمام پاکستانیوں کے دلوں کی آواز ہیں۔ چین اور پاکستان وہ ممالک ہیں جن کے تعلقات صرف حکومتوں کی سطح پر نہیں بلکہ عوام کی سطح پر ہیں۔ ان تعلقات کو مزید مستحکم اور نتیجہ آور بنانے کیلئے ضروری ہے کہ پاکستان میں چینی زبان کی تدریس کے انتظامات بڑھائے جائیں اور دونوں ملکوں میں تعلیمی میدان میں بھی تعاون کو فروغ دیا جائے۔

ادارہ پر ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998

ڈرٹی وار

جرگہ
☆☆☆
سلیم صافی
saleem.safi@janggroup.com.pk

"پختون بیلٹ کی یہ بدقسمتی رہی ہے کہ وہ گزشتہ چالیس سال سے لیبارٹری کی صورت اختیار کر گئی ہے۔ عالمی اسٹیبلشمنٹ نے بھی اپنی جنگوں اور تجربات کیلئے اس خطے کو میدان بنایا اور ملکی اسٹیبلشمنٹ نے بھی۔ مجھے اس حوالے سے دیگر ملکی صحافیوں کی نسبت یہ سبقت حاصل رہی کہ میں ان بے چہرہ جنگوں کا حصہ بھی رہا، اس کے متاثرین میں بھی شامل رہا اور بطور صحافی انکا مشاہدہ اور تجزیہ کرنے والا بھی رہا اور "ڈرٹی وار" کی صورت میں ان مشاہدات کو سپرد قلم کر چکا ہوں۔ یوں تو اس لیبارٹری میں ان مخصوص تجربات کا یہ سلسلہ گزشتہ چالیس سال سے جاری ہے لیکن میری کتاب "ڈرٹی وار" میں صرف بیس سال یعنی 2001 سے 2023 تک کے واقعات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ یہ اس بیس سالہ ہمہ پہلو جنگ کی روداد بھی ہے، اور ہر موڑ سے متعلق میرا تجزیہ اور اس وقت اس کے حل کے حساب سے میری تجاویز بھی ہیں۔

سمیت عالمی اور علاقائی معاملات پر بات چیت کریں گے۔ واپسی پر جمعرات کو ماسکو میں ان کی ایرانی صدر سے ملاقات ہوگی۔ یاد رہے کہ انٹرنیشنل کریمنل کورٹ کی جانب سے وارنٹ کے اجراء کے بعد سے یہ صدر پوتن کا پانچواں غیر ملکی دورہ ہے۔ جولائی میں انہوں نے پرینوریا کا دورہ منسوخ کردیا تھا جہاں خدشہ تھا کہ ساؤتھ افریقن حکام عالمی عدالت کی جانب سے جاری کردہ وارنٹ کی تکمیل کرسکتے ہیں۔ تاہم، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کا عالمی عدالت کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں۔ کریملن کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ صدر پوتن کا یہ دورہ اہمیت کا حامل ہے جس میں مشرق وسطیٰ کے امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا، اور واپسی پر صدر پوتن ماسکو میں ایران کے صدر ابراہیم رئیسی سے ملاقات کریں گے۔

19 شیریں مزاری گرفتاری

کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ اس موقع پر درخواست گزار کی جانب سے فیصل چوہدری ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے اور کہا کہ اس کیس میں عدالت نے ستمبر 2022 میں ایک کمیشن بنایا تھا، عدالتی حکم پر کمیشن نے رپورٹ وفاقی حکومت کے سامنے رکھی یا نہیں، اس کا علم نہیں۔ شیریں مزاری کی گرفتاری پر اس وقت کے چیف جسٹس نے ایک انکوائری کمیشن بنایا تھا۔ کمیشن کے بعد یہ کیس صرف شیریں مزاری کا نہیں بلکہ مطیع اللہ جان، ابصار عالم و دیگر بھی اس میں شامل ہیں۔

20 آرٹس کونسل کراچی

ثقافتی تقریب میں وزیر بنانے کا اعلان کیا گیا ہو۔ گورنر وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر نے آرٹس کونسل کے صدر سید محمد احمد شاہ کو صوبائی وزیر بنانے کا اعلان عالمی اردو کانفرنس کے افتتاح کے موقعے پر کیا۔ قبل ازیں رواں برس آرٹس کونسل کے سابق سیکریٹری اسحٰق احمد کو گورنر وفاقی وزیر برائے مذہبی امور بنایا گیا۔ ایسا پہلی بار نہیں ہوا، چند برس قبل آرٹس کونسل کی گورننگ باڈی کی رکن اور ممتاز ڈراما نگار، نورالہدیٰ شاہ کو گورنر صوبائی وزیر بنایا گیا۔ اسی طرح سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد نے درجنوں ڈراموں کی خالق فاطمہ ثریا بجیا کو اور کامیڈی کنگ عمر شریف کو اپنا مشیر بنایا۔ یہ دونوں شخصیات بھی آرٹس کونسل کی مجلس عاملہ کی رکن رہیں۔ پاکستان ٹیلی ویژن کی معروف کمپیئر خوش بخت شجاعت تین بار آرٹس کونسل کی نائب صدر بننے کے بعد میڈیا کی توجہ کا مرکز بنیں، اور پھر وہ ایم کیو ایم میں شامل ہوکر حلقہ این اے 250 سے الیکشن میں کامیاب ہوکر رکن قومی اسمبلی منتخب ہوئیں۔ بعدازاں، انہیں سینیٹ کا رکن بھی بنایا گیا۔ ان شخصیات کا ماضی میں کسی بھی سیاسی جماعت سے تعلق نہیں رہا۔

21 گھریلو تشدد کا شکار رضوانہ

سے ڈسچارج کیا جائے گا، اس حوالے سے صوبائی وزیر صحت پروفیسر جاوید اکرم فائنل چیک اپ کریں گے۔ پرنسپل پروفیسر اظہر ظفر نے بتایا کہ گورنر وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم کی رہنمائی میں علاج کیا گیا۔

22 پاکستانی لڑکی/بھارت پہنچ گئی

سے دوستی ہوئی جو رفتہ رفتہ پروان چڑھنے لگے اور بات رشتہ داری میں تبدیل ہونے تک جا پہنچی۔ سمیر خان کے والدین نے جویریہ کے والدین کو شادی کا پیغام بھیجا جسے انہوں نے قبول کرلیا۔ دونوں کی پانچ سال قبل منگنی طے پا گئی اور شادی کی تیاریاں شروع ہوگئیں۔ لیکن کورونا کی پابندیوں شادی کی راہ میں رکاوٹ بن گئیں۔ بھارتی ہائی کمیشن اسلام آباد نے ویزہ دینے سے انکار کردیا۔ دوسال قبل جویریہ نے دوبارہ ویزہ کے لئے درخواست دی لیکن وہ بھی مسترد کردی گئی۔ لیکن نومبر میں بھارتی ہائی کمیشن کو ترس آگیا اور انہوں نے تیسری مرتبہ ملنے والی درخواست کو منظور کرتے ہوئے جویریہ کو بھارت کا 45 روزہ ویزہ جاری کردیا۔ جویریہ آج سہ پہر واہگہ بارڈر کے راستے بھارت پہنچ گئی جہاں اس کے ہونے والے سسر۔ اس کے منگیتر سمیر خان اور دیگر رشتہ داروں نے ڈھول کی تھاپ پر اس کا استقبال کیا۔

23 پرویز خٹک کا انکشاف

ماضی کا حصہ بن چکے ہمیں اب مستقبل کا سوچنا چاہیے" مولانا کو اسلام کی فکر نہیں وہ اسلام آباد کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے پرویز خٹک نے کہا کہ مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی سمیت دیگر جماعتوں نے باریاں بانٹ کر ملک کا خانہ خراب کردیا، ری سی کسر تبدیلی کے نام پر دھوکا دے کر پاکی پی ٹی آئی نے پوری کردی۔ عمران خان ایک ڈکٹیٹر کی شکل اختیار کرگئے تھے، وہ اپنے مخلص دوستوں کو بھی شک کی نگاہ سے دیکھنے لگے تھے۔ عمران خان نے معیشت کو تباہ کرنے کے ساتھ ساتھ سیاسی کلچر بھی تباہ کردیا۔ آئندہ الیکشن میں سب کو ہرا کر وزیر اعلیٰ بنوں گا۔

24 شہباز شریف/ملاقاتیں

امور اور عام انتخابات کی تیاریوں کے حوالے سے مشاورت ہوئی جبکہ بلوچستان میں عام انتخابات کے حوالے سے سیاسی حکمت عملی پر بھی غور کیا گیا۔ اس موقع پر شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان ہمارا دل ہماری جان ہے، بلوچستان کی ترقی کو پاکستان کی ترقی کا ناگزیر تقاضا سمجھتے ہیں، دوبارہ موقع ملا تو بلوچستان سمیت پورے ملک میں دانش اسکولوں کا جال پھیلائیں گے۔ بلوچستان ملکی معاشی ترقی کا مستقبل میں محور و مرکز ثابت ہوگا۔

25 عوامی شکایات/جبری چھٹی

دورہ کیا، اسپتال کے ڈاکٹرز اور عملے کی حاضری چیک کی اور او پی ڈی رجسٹر کا معائنہ کیا، اس موقع پر میونسپل کمشنر سید افضل زیدی، میئر کراچی کے نمائندہ برائے سیاسی امور کرم الہٰ وقاصی، پیپلز پارٹی ضلع جنوبی کے صدر خلیل ہوت، یوسی۔ 13 کے چیئرمین، وائس چیئرمین اور دیگر نمائندے بھی موجود تھے، میئر نے اسپتر آئی اسپتال کے آپریشن تھیٹر اور ڈاکٹرز کے کمروں کا بھی معائنہ کیا اور اسپتال کی حدود میں عملے کی رہائش گاہ کا بھی دورہ کیا، انہوں نے اسپتر آئی اسپتال کی انتظامیہ اور عملے کی ناقص کارکردگی پر سرزنش کی اور کہا کہ ایک ایکڑ سے زائد رقبے پر قائم کراچی کے اس قدیم اور اہم ترین اسپتال کا فعال نہ ہونا باعث تشویش ہے، انہوں نے کہا کہ اسپتر آئی اسپتال کے متعلق مکمل تحقیقات کی جائیں گی اور ان وجوہات کا جائزہ لیا جائے گا جن کے باعث اس اسپتال میں ماضی کی طرح امراض چشم کے مریضوں کو تسلی بخش علاج معالجے کی سہولتیں دستیاب نہیں ہورہیں۔

26 تجزیہ کار/رپورٹ کارڈ

ساتھ پراسیکیوشن ہورہی ہے، پی ٹی آئی کے بطور سیاسی جماعت اور سابق چیئرمین پی ٹی آئی کے حقوق کے خلاف بہت سی چیزیں ہورہی ہیں، پاکستان میں سیاسی جماعتیں جس طرح انٹرا پارٹی الیکشن کررہی ہیں اس میں پراطمینان ہوتی ہیں، سوال یہ ہے کہ کیا دیگر سیاسی جماعتوں کے الیکشن اس طرح چیلنج ہوتے ہیں یا نہیں، پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی الیکشن الیکشن کمیشن کے سامنے چیلنج ہوگئے ہیں انہیں کچھ نہ کچھ فیصلہ تو کرنا ہے، الیکشن کمیشن پی ٹی آئی کے الیکشن تسلیم نہیں کرتا تو انتخابی نشان تک بات محدود نہیں رہتی مزید پیچیدہ ہوجاتی ہے، میں اس سے اتفاق نہیں کرتی کہ الیکشن کمیشن سیاسی جماعتوں میں انتخابات کروائے، یہ سیاسی جماعتوں کے حقوق اور اختیارات کے خلاف ہوگا۔ سلیم صافی کا کہنا تھا کہ ماضی میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کی قیادت کو بھی مائنس کیا گیا، بدقسمتی سے پی ٹی آئی نے اس کی مذمت کرنے کے بجائے خیر مقدم کیا تھا، ن لیگ اور پیپلز پارٹی میں بھی انٹرا پارٹی الیکشن برائے نام ہوتے ہیں، پچھلی دفعہ ن لیگ اور پیپلز پارٹی دونوں جماعتوں میں عہدیدار بلامقابلہ منتخب ہوئے، حقیقی معنوں میں انٹرا پارٹی الیکشن صرف جماعت اسلامی میں ہوتے ہیں، ایم کیو ایم میں بھی کسی حد تک عہدیداروں کا چناؤ انتخابات کے ذریعہ ہوتا ہے، سیاسی جماعتوں میں انتخابات الیکشن کمیشن کے زیر انتظام ہونے چاہئیں۔

27 ٹیپ/منظوری سے انکار

گی۔ ٹیپ کے بعد محکمہ داخلہ پنجاب نے یہ ادائیگی کرنے سے معذرت کی تھی۔ محکمہ داخلہ نے موقف اختیار کیا کہ اس نے ٹیپ کی سیکورٹی کے لئے رینجرز کی کوئی ریکوزیشن نہیں کی۔ انہیں سول آرمڈ فورسز سیکورٹی ڈیوٹی کی مد میں صرف اس وقت قانونی طور پر ادائیگیوں کا اختیار ہے جب محکمہ نے رینجرز کو کسی کی سیکورٹی ڈیوٹی پر بلانے کے لئے خود ریکوزیشن بھجوائی ہو۔ اگر اس نے ریکوزیشن کئے بغیر مذکورہ رقم کی ادائیگی کردی تو اس پر محکمہ آڈٹ اعتراض لگادیگا۔

28 اسرائیلی فوجی عہدیدار

ٹیکنالوجی کیلئے 320 ملین ڈالر کی امریکی امداد موصول ہوئی، جس کا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز نے کہا ہے کہ اسرائیلی فوج کا اندازہ ہے کہ غزہ میں حماس کی سرنگوں کا نیٹ ورک لندن کے زیر زمین ترین نیٹ ورک سے بڑا ہے۔ فنانشل ٹائمز نے ایک اسرائیلی سیکورٹی اہلکار کے حوالے سے بتایا کہ "سرنگیں" اس بات کی وضاحت نہیں کرتا کہ حماس نے غزہ کی پٹی کے نیچے کیا بنایا ہے بلکہ وہ زیر زمین شہر ہیں۔

29 گرین ٹرٹل کی نسل

ساتھ ساحل پر چار گرین ٹرٹلز نے آکر انڈے دیئے ان میں سے تین فوری واپس سمندر میں واپس چلے گئے ایک نے ٹھہر کر اپنے بازو پھڑپھڑاتے ہوئے دیئے گئے انڈوں کو ساحل پر پڑی ریت سے ڈھانپا یہ گولف کی گیندوں کے برابر 88 انڈے تھے۔ جنہیں ان کی بقاء کے لیے کام کرنے والے 6 ماہرین نے محفوظ کئے۔ یہ پاکستان میں اپنی بقاء کے لیے جدوجہد کرنے والی کچھوؤں کی آخری نسل ہے۔ سندھ میں وائلڈ لائف ڈپارٹمنٹ کے سربراہ اشفاق علی میمن نے کہا کہ کچھوؤں کی اس نسل کو بچانے کے لیے دیگر آبی حیات کی طرح برابر کی توجہ درکار ہے۔ کراچی کا ساحل سینڈز پٹ مذکورہ کچھوؤں کی افزائش نسل کے لیے پسندیدہ اور سازگار جگہ ہے۔ 8 کلومیٹرز (5 میل) طویل اس ساحل پر بیچ باؤسز تعمیر کرکے کچھوؤں کی افزائش کے مواقع مسدود کردیئے گئے ہیں۔ جہاں سے ریت کو ہٹا کر کنکریٹ کی تعمیرات کی گئی ہیں۔ اس طرح کچھوؤں کی افزائش نسل کا ماحول تباہ کردیا گیا یہ بڑا تکلیف دہ منظر نامہ ہے۔ اس کے علاوہ سمندری آلودگی نے بھی آبی حیات کی بقاء کو خطرات سے دوچار کردیا ہے۔ دنیا کے سمندروں میں انسانی سرگرمیاں 10 کروڑ سال سے جاری ہیں۔

30 جج کی رخصت

عدالت میں پی ٹی آئی وکیل خالد یوسف چوہدری عدالت میں پیش ہوئے۔ سابق چیئرمین پی ٹی آئی کی تھانہ نکہ کے دو جبکہ تھانہ بہارہ کہو میں ایک مقدمے میں درخواست ضمانت دائر ہے۔ ہائی کورٹ نے اے پی سی کو ضمانت کی درخواستیں دوبارہ سننے کی ہدایت کی تھی۔ شاہ محمود قریشی کے خلاف تھانہ نکہ میں درج 2 مقدمات میں درخواست ضمانت دائر ہے۔

31 انکشاف

تعینات عمر کوٹ سے تعلق رکھنے والے پی ایس ایم سومرو کی ہدایت پر گورنمنٹ کراچی کالج چاندنی پی روڈ پر اس وقت کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر عبدالباری اندھڑ نے الاٹ کیا تھا تاہم جب حکومت ختم ہونے میں چند ہفتے رہ گئے تو ڈپٹی ڈائریکٹر رزاق بھٹو نے وزیر تعلیم کے پی ایس ایم سومرو کی مدد سے اپنا تبادلہ ایک پروجیکٹ میں کرالیا تاہم گرلز کالج کے عقب میں رہائش برقرار رکھی کراچی کالج کی پرنسپل پروفیسر زاہدہ پروین نے بتایا کہ ڈپٹی ڈائریکٹر رزاق بھٹو نے پروفیسر عبدالباری اندھڑ نے الاٹ کیا تھا تاہم جب میں پرنسپل بن کر آئی تو میں ان کو فوری مکان خالی کرنے کا نوٹس دیا تھا اور ڈائریکٹر کالج کو خط بھی لکھ دیا تھا کہ مکان فوری خالی کرایا جائے تاہم مکان ابھی تک خالی نہیں کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ یہ ایک تاریخی کالج ہے جس میں پہلے سندھ یونیورسٹی اور پھر کراچی یونیورسٹی کا آغاز ہوا تھا۔

32 وزیر اعظم

بوہرہ برادری کے آخر رکنی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جس نے منگل کو ان سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے ڈاکٹر مفضل سیف الدین کو ان کی پاکستان کیلئے خدمات کے اعتراف میں دیئے جانے والے نشان پاکستان پر انہیں مبارکباد دی۔ بوہرہ برادری کے وفد نے وزیر اعظم کے بین الاقوامی سطح پر موسمیاتی تبدیلی کے ترقی پذیر ممالک کیلئے مضر اثرات کو اجاگر کرنے کے اقدامات پر خراج تحسین پیش کیا۔

33 پاکستان میں پھنس کر رہ گئیں

کے بچے زندہ نہیں رہ پائیں گے۔ وہ خواتین، جنہوں نے برٹش کونسل کے لیے کام کیا یا اس سے وابستہ ہیں، کو افغان شہریوں کی آبادکاری اسکیم کے ذریعے نقل مکانی کا حق ہونا چاہئے۔ دفتر خارجہ اور ہوم آفس کی پاکستان منتقلی اور نقل مکانی کا انکار کرنے کی ہدایات کے باوجود وہ اسکیم شروع ہونے کے تقریباً دو سال بعد طبی دیکھ بھال تک محدود رسائی والے ہوٹلوں میں پھنس کر رہ گئی ہیں۔ دریں اثناء یکم نومبر کو پاکستان نے غیر دستاویزی لوگوں کو افغانستان واپس بھیجنا شروع کیا جن کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ 1.7 ملین کو نکالے جانے کا خطرہ ہے۔ ان میں برٹش کونسل کی سابق اساتذہ بھی شامل ہیں جن میں سے بہت سے لوگوں نے اسلام آباد پہنچنے کے لیے پاسپورٹ اور ویزے پر پانچ ہزار پاؤنڈ تک خرچ کیے ہیں۔

34 قطر/شیئرز پیشکش شروع

میں اپنے 644 ملین ڈالرز (510 ملین برطانوی پاؤنڈز) مالیت کے شیئرز فروخت کرنے کا عمل شروع کردیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق، بارکلیز کے یہ شیئرز قطر انوسٹمنٹ اتھارٹی کی ذیلی کمپنی قطر ہولڈنگ کی ملکیت ہیں۔ بلومبرگ میں شائع ہونے والی رپورٹ کے مطابق، توقع ہے کہ اس فروخت کے نتیجے میں بارکلیز میں قطر انوسٹمنٹ اتھارٹی کا حصہ آدھا ہوجائے گا، یعنی شیئرز کی موجودہ سطح 5 فیصد سے کم ہوکر 2.4 فیصد رہ جائے گی۔

35 غزہ/9 افراد شہید

کے بچوں سمیت خاندان کے 9 افراد شہید ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق بیت لاہیا کے علاقے میں امریکی نشریاتی ادارے سی این این کے مکان کو نشانہ بنایا گیا، حملے کے وقت ابراہیم دھمان مصر میں موجود تھے۔ عمارت میں ابراہیم دھمان کے چچا، ان کی بیوی، بیٹی اور دو پوتوں کے علاوہ ان کے پھوپھو، پھوپھا اور دو بچے شہید ہوگئے ہیں۔

36 سیکرٹری ٹیکسٹ بک بورڈ فارغ

گیا۔ محکمہ تعلیم نے سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کو کتابوں کا ٹینڈر منسوخ کرنے کا حکم دے دیا، ٹینڈر میں قواعد و ضوابط اور سپیرا قوانین پر عمل نہیں کیا گیا۔ یاد رہے کہ سندھ کے سیکڑوں سرکاری اسکولوں میں مفت کتابوں کی تقسیم نہیں ہو پائیں۔

37 تحقیقات

جس آپریٹو کے ساتھ رابطے میں آیا تھا۔ ملٹری انٹیلی جنس کی تحقیقات سے یہ بات بھی سامنے آئی کہ میجر پاکستانی انٹیلی جنس آپریٹو کے ساتھ مسلسل رابطے میں تھا اور ان کی سرگرمیوں کے بارے میں گہری تحقیقات کا آغاز کیا گیا۔ میجر نے اب نئی دہلی میں آرمڈ فورسز ٹریبونل (اے ایف ٹی) کے پرنسپل بنچ کے پاس ایک درخواست دائر کی ہے جس میں ان کے خلاف لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کے لیے رکھی گئی کورٹ آف انکوائریز اور بورڈ آف آفیسرز کی کاپیاں طلب کی گئی ہیں۔

38 نوید انور صدیقی/عہدہ سنبھال لیا

تنخواہ اور پنشن کی ادائیگی میری اولین ترجیح ہے افسران و ملازمین کی تنخواہ اور پنشن کا جو شارٹ فال ہے وہ سندھ گورنمنٹ کے خزانہ اور کے ڈی اے ریکوری اور آمدن کے نئے ذرائع تلاش کرکے کے ڈی اے کی ریکوری کو کیا جائے گا افسران و ملازمین حاضری کو پابندی سے یقینی بنائیں اور اپنی کارکردگی سے ادارے کی ساکھ کو بحال کرنے میں اپنا کردار ادا کریں اس موقع پر ڈائریکٹر آئی ٹی کمال احمد صدیقی کو احکامات دیئے کہ عوامی سہولتوں کو بہتر کرنے کے لئے ٹریکنگ ڈ

پاکستان کرکٹ ٹیم کے چیلنجنگ دورے آسٹریلیا کا آج آغاز

پرائم منسٹر الیون سے پریکٹس میچ

20 وکٹیں حاصل کریں تو پلاٹ پر عمل کرنا آسان ہوگا، رنز بنانے کی رفتار بڑھانا ہوگی، کیپنگ میں ترجیح سرفراز احمد ہوگی، کپتان

کسی کا منہ بند کرنے نہیں کرکٹ کھیلنے آئے ہیں، کوشش کریں گے ڈیوڈ وارنر کیلئے مختلف چیلنج لائیں، گفتگو، ٹرافی کی رونمائی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شان مسعود کی قیادت میں پاکستان کرکٹ ٹیم پانچ ٹیسٹ دورہ آسٹریلیا کا آغاز بدھ سے کرنے جا رہی ہے۔ مشکل کام کا آغاز اوول میں شان مسعود اور بی ایم ایڈن کے کپتان میتھیو میک سوینی کی ٹرافی کی رونمائی کی۔ واضح رہے کہ تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا باقاعدہ آغاز 14 دسمبر کو پرتھ میں ہوگا۔ پاکستان ٹیم نے آسٹریلوی کنڈیشنز سے خود کو مکمل آہنگ کرنے کیلئے گزشتہ دو روز میں نیٹس، بولنگ کے ساتھ فیلڈنگ کے طویل سیشن اور فزیکل ٹریننگ کی۔ شان مسعود نے کہا کہ کسی کرکٹ کھیلنے آئے ہیں جو دونوں ممالک کے کرکٹ فیملی کو جوش کرے، ہمیں رنز بنانے کی رفتار تیز کرنی ہوگی۔ بولرز میں وکٹیں لینے کے قوانین پر عملدرآمد کرنا آسان ہوجائے گا، ہمارے پاس بولنگ میں بہت آپشنز موجود ہیں۔ سڈنی میں گیند پر سوئنگ ہوتا ہے، ہم جونیئر کو اس لیے سامنے لائے ہیں، خرم شہزاد اور میر حمزہ دونوں ڈومیسٹک کے پرفارمرز ہیں، عبداللہ شفیق اور امام الحق اوپننگ کریں گے، بابر اعظم نمبر چار پر کھیلیں گے، سرفراز احمد کو محمد رضوان پر ترجیح دیں گے۔ پاکستان کو جارحانہ سیریز ہوگی، کوشش کریں گے آخری سیریز میں ان کیلئے مختلف چیلنجز لائیں۔ یہاں کرکٹ کھیلنے آئے ہیں، کسی کا منہ بند نہیں کرنا، اپنی بہترین صلاحیتوں کے مطابق ایسی کرکٹ کھیلیں کہ جو نیئر کو پسند آئے۔ زندگی میں ہمیشہ جیتنے کیلئے نہیں کھیلتے اور اچھا موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا وارنر کیلئے چیمپئن ہے، آسٹریلیا کا اسکواڈ بہت مضبوط ہے، آسٹریلیا کے بولنگ اٹیک نے ہر کنڈیشنر میں بہترین کارکردگی دکھائی ہے۔ ٹیسٹ کرکٹ اب بہت تبدیل ہوچکی ہے اور اس کے مطابق کھیلنا ہے، ہمارا کل یہی ہے کہ ہم نے اپنی شناخت بنانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چار روز دیکھ کر ہمارے لیے بہت اہم ہے، میں پہلے چلے گا کہ ہم کہاں کھڑے ہیں۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کی آسٹریلین وزیراعظم کی تقریب میں شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آسٹریلوی وزیراعظم کی جانب سے منعقدہ تقریب میں پاکستان کرکٹ ٹیم اور آسٹریلین پرائم منسٹر الیون نے شرکت کی۔ منگل کو آسٹریلوی وزیراعظم انتھونی البانیز کی جانب سے پارلیمنٹ ہاؤس میں تقریب میں دونوں ٹیموں کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ آسٹریلوی وزیراعظم نے دونوں ٹیموں کو خوش آمدید کہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ پرائم منسٹر الیون اور پاکستان کی ٹیموں کے درمیان ٹیسٹ سیریز بھی اچھی ہوگا۔ انہوں نے اس امید کا بھی اظہار کیا کہ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ٹیسٹ سیریز بھی اچھی رہے گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے کہا کہ پرائم منسٹر الیون اچھی حریف ہے، پاکستان ٹیم بہت مصروف اس سیریز کیلئے بھی تیار اور پرجوش ہے۔

www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com

INVITATION TO E-BID
THROUGH SAP-ARIBA DISCOVERY

Oil & Gas Development Company Limited (OGDCL) is the largest Exploration & Production Company listed on Pakistan and London Stock Exchange. Details about the company can be obtained from website **http://www.ogdcl.com**. Bids are invited through **SAP-Ariba Discovery** for the service/material given below under competitive bidding procedure as per Public Procurement Regulatory Authority (PPRA) rules:

SR #	TENDER ENQUIRY NO.	DESCRIPTION	BID SUBMISSION DATE & TIME	BID OPENING DATE & TIME
1-	OGDCL-SCM-SERVICES-CB-SYS-60-852-227933915-2023	Renewal of Operation and Maintenance Services of Access Control System	26-12-2023 At 10:30 Hrs.	26-12-2023 At 11:00 Hrs.

2. Vendors not having Ariba Network ID are requested to register themselves on SAP Ariba Portal by clicking on the link **supplier.ariba.com** to access and participate in OGDCL tenders.
3. Complete Tender document(s) along with Scope of Work / TOR / Clarifications can be viewed and downloaded from SAP-Ariba RFP by clicking on the link **discovery.ariba.com/profile/AN01562899621**.
4. Original Bid Bonds as per RFP/Tender Document shall be submitted at the reception of OGDCL House, Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad, Pakistan on or before bid submission date and time mentioned above.
5. OGDCL reserves the right to accept or reject any bid and to annul the bidding process and reject all the bids as per Public Procurement Regulatory Authority (PPRA) Rule-33.

EXTENSION

Reference to our Press Tender Notice published in national newspapers on **16.11.2023** & **17.11.2023**, it is notified that the bid submission/opening dates are extended as follows:

SR #	TENDER ENQUIRY NO.	DESCRIPTION	FROM	TO
1-	OGDCL-SCM-FD(LOCAL)-CB-PROD-225812732-2023	Pressure, Temperature and Differential Pressure Transmitters for UCH Fields Balochistan Province and KPD Fields Sindh Province	Date: 06.12.2023 Submission: 1100 hrs Opening: 1130 hrs	Date: 12.12.2023 Submission: 1100 hrs Opening: 1130 hrs
2-	OGDCL-SCM-LF-PT-PQ-226511287-2023	Frame Work Agreement for Supply of Safety Shoes	Date: 05.12.2023 Submission: 1130 hrs Opening: 1200 hrs	Date: 19.12.2023 Submission: 1130 hrs Opening: 1200 hrs

2. Bid submission/opening time and all other terms & conditions shall remain unchanged.
3. Bidders are requested to contact **Manager Supply Chain Management (SCM) Foreign** at Phone # +92-51-92002-3652 or **Manager Supply Chain Management (SCM) Services** at Phone #+92-51-92002-3983 for further queries / information.
4. This advertisement is also available on PPRA website at **www.ppra.org.pk** and OGDCL website at **www.ogdcl.com**.

GENERAL MANAGER
(SUPPLY CHAIN MANAGEMENT)
OIL & GAS DEVELOPMENT COMPANY LIMITED
OGDCL HOUSE, JINNAH AVENUE, BLUE AREA, ISLAMABAD, PAKISTAN, Phone No. 92-51-92002-3540; Fax No. 92-51-9244139

No.03/17
LARGEST TAX PAYER COMPANY OF THE NATION — WE EXPLORE PROSPERITY

GOVERNMENT OF PAKISTAN
Intellectual Property Organization of Pakistan
Commerce Division

HIRING OF LEGAL CONSULTANT

The Intellectual Property Organization of Pakistan (IPO-Pakistan) is an autonomous body working under the administrative control of the Ministry of Commerce. The major functions of the organization are as under:

- Administer and coordinate all Government systems for protection and strengthening of Intellectual Property (IP);
- Manage all IP offices in the country;
- Create awareness about IP Rights;
- Advise the Federal Government on IP Policy;
- Ensure effective enforcement of IP rights through designated IPR Enforcement Agencies (Police, FIA, and Pakistan Customs)

In this regard, IPO-Pakistan intends to hire the services of a Legal Consultant on contract basis as per the details given below:

Sr#	Name of Position	No. of Positions	Qualification & Experience	Time period
1	Legal Consultant	01	LL.M in Intellectual Property Law from a renowned international university and Minimum of ten (10) years' experience as a practicing lawyer preferably in the High Court.	01 year extendable as per requirement

i. The appointment will purely be on contract basis for 1 year.
ii. All proposals must be submitted in sealed envelopes on or before 11:00 am within 15 days of advertisement. The bids shall be opened on 11:30 am after 15 days of advertisement in the presence of bidders' representatives at the address given below. Bids received after the specified time shall not be accepted.
iii. IPO-Pakistan reserves the right to cancel the hiring process at any stage as per rules.
iv. Concealment of facts and any direct or in-direct pressure for hiring would lead to the disqualification of the candidates. If any candidate found ineligible, he/ she will be disqualified at any stage of the recruitment process.
v. This is a "Single Stage Two Envelop" procedure as per PPRA Rules. The envelope shall be prominently labeled with the "**PROPOSAL FOR LEGAL CONSULTANT**", written in a clear and legible manner."
vi. On the basis of merit, only eligible and short listed candidates will provisionally be called for interview.
vii. No TA/DA will be paid for appearing in the interview.

Note: Detailed documents/ RFP/ Job description may be collected from the address given below.

The Assistant Director (Admin)
IPO-Pakistan Head Office, 3rd Floor, New NTC Building, Sector G-5/2, Islamabad
PH# 051-9245830-32, 051-9245602 Fax: 051-9245874
Email: admin@ipo.gov.pk
PID(I)3456/23

Higher Education Development in Pakistan
Higher Education Commission
HEDP

Specific Procurement Notice
REQUEST FOR BIDS
Goods
(One-Envelope Bidding Process)

Country: Pakistan
Name of Project: Higher Education Development in Pakistan
Contract Title: Procurement of Hardware for Cloud, High-Performance Computing and Network Security
Loan No./Credit No./ Grant No.: 6438-PK
RFB Reference No.: PK-HEC-383819-GO-RFB

1. The Islamic Republic of Pakistan has received financing from the World Bank towards the cost of the Higher Education Development in Pakistan (HEDP) and intends to apply part of the proceeds toward payments under the contracts for **Procurement of Hardware for Cloud, High-Performance Computing and Network Security.**
2. The Higher Education Commission (HEC) now invites sealed Bids from eligible Bidders for **Procurement of Hardware for Cloud, High-Performance Computing and Network Security** as further detailed in the bidding document.
3. Bidders may Bid for one or several contracts, as further defined in the Request for Bids document. Bidders wishing to offer discounts, in case they are awarded more than one contract, will be allowed to do so, provided those discounts are included in the Letter of Bid.
4. Bidding will be conducted through international competitive procurement using a Request for Bids (RFB) as specified in the World Bank's "Procurement Regulations for IPF Borrowers" July 2016, revised November 2017 and August 2018 ("Procurement Regulations") and is open to all eligible Bidders as defined in the Procurement Regulations.
5. Interested eligible Bidders may obtain further information from procurement.hedp@hec.gov.pk during **09:00 AM – 03:00 PM (Business Days)** latest by ten (10) days till the deadline for bid submission date.
6. The bidding document in English may be downloaded from https://www.hec.gov.pk/english/news/Pages/TendersRFPs.aspx without any fee(s)/ charge(s). If required by the bidder, the document in hard/ printed form; on specific request via official email or printed over official letterhead duly signed and stamped by the authorized signatory, can be sent through courier for a non-refundable amount of PKR 15,000 or for an equivalent amount in a freely convertible currency.
7. A virtual pre-bid session shall be held at **11:30 AM** on **December 19, 2023**. Interested bidders may obtain the respective meeting link/ invite via writing an email addressed to the undersigned (procurement.hedp@hec.gov.pk) between December 14, 2023, and December 18, 2023 (during regular business hours).
8. Bids must be delivered to the address below on or before **11:30 AM** dated **January 18, 2024**. Electronic Bidding will not be permitted. Late Bids will be rejected. Bids will be publicly opened in the presence of the Bidders' designated representatives and anyone who chooses to attend at the address below on the same day i.e., **January 18, 2024,** immediately after the bid submission deadline.
9. All Bids must be accompanied by a "**Bid Securing Declaration**", as per the details/ requirements given at the respective section(s)/ clause(s) in the bidding document.
10. Attention is drawn to the Procurement Regulations requiring the Borrower to disclose information on the successful bidder's beneficial ownership, as part of the Contract Award Notice, using the Beneficial Ownership Disclosure Form as included in the bidding document.
11. The address(es) referred to above is (are):

Procurement Specialist (HEDP)
Project Coordination Unit (PCU)
Higher Education Development in Pakistan (HEDP) Project
Higher Education Commission
Sector H-9/4, Islamabad, Pakistan
051-90400120
PID(I)3455/23

اسپورٹس

گیلری: آسٹریلین وزیراعظم کی جانب سے تقریب میں شریک پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں اور ایگزیکٹو کا گروپ

کلین سویپ پر نظر

دو گرین شرٹس نے نیوزی لینڈ سے ٹی ٹوئنٹی سیریز جیت کر تہلکہ مچا دیا

دوسرے میچ میں عالیہ ریاض کے جارحانہ 32 رنز، فاطمہ کے تین شکار، 137 کے جواب میں میزبان سائیڈ 127 تک محدود، منیبہ کی بھی عمدہ بیٹنگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالیہ ریاض کی ذمہ دارانہ بیٹنگ اور فاطمہ ثنا کی بولنگ کی بدولت پاکستان ویمنز کو نیوزی لینڈ کے خلاف ایک اور یادگار اور تاریخ ساز کامیابی حاصل کرنے تہلکہ مچادیا۔ عالیہ ریاض کے 32 رنز ناٹ آؤٹ اور فاطمہ ثنا کے عوض 3 وکٹوں نے پاکستان ویمنز کو دوسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں 10 رنز کامیابی دلادی بلکہ کھیل باسیریز بھی جتوادی، اب گرلز ان گرین کی نظر کلین سویپ پر ہے۔ عالیہ ریاض کو بہترین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ یاد رہے کہ پاکستان ویمنز نے فاطمہ ثنا کی شاندار بولنگ کے نتیجے میں پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سات وکٹوں سے جیتا تھا۔ ڈیلون میں یہ ٹورنامنٹ اوئے اوئے اوول میں دوسرے میچ میں ہوم ٹیم نے جس جیت کو بولنگ کا فیصلہ کیا، پاکستان نے 20 اوورز میں 6 وکٹ پر 137 رنز اسکور کیے، یہ نیوزی لینڈ کے خلاف پاکستان کا سب سے بڑا اسکور بھی ہے۔ میزبان سائیڈ جواب میں 7 وکٹوں پر 127 رنز بنا سکی۔ پاکستان کیلئے منیبہ علی نے 28 گیندوں پر 35 رنز اسکور کیے جس میں چوچے کے شامل تھے۔ ایک موقع پر اس کی چار وکٹیں 86 رنز پر گر چکی تھیں۔ پہلے میچ کی ٹاپ اسکورر شوال ذوالفقار سات، اسمہ معروف 21 اور کپتان ندا ڈار 14 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔ عالیہ ریاض نے 22 گیندوں پر تین چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 32 رنز ناٹ آؤٹ کی اہم اننگز کھیلی۔ نیوزی لینڈ کیلئے مولی فولانڈ نے 17 اور فرہان جوزف نے 21 رنز دے کر دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ سعدیہ اقبال اور پہلے میچ کی پلیئر آف دی میچ فاطمہ ثنا کی عمدہ بولنگ نے میزبان ٹیم کی چار وکٹیں گرادیں۔ ایک وقت پر اس کی چار وکٹیں 86 رنز پر گر چکی تھیں۔ پہلے میچ کی ٹاپ اسکورر شوال ذوالفقار سات، اسمہ معروف 21 اور کپتان ندا ڈار 14 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔ عالیہ ریاض نے 22 گیندوں پر تین چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 32 رنز ناٹ آؤٹ کی اہم اننگز کھیلی۔ نیوزی لینڈ کیلئے مولی فولانڈ نے 17 اور فرہان جوزف نے 21 رنز دے کر دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ سعدیہ اقبال اور پہلے میچ کی پلیئر آف دی میچ فاطمہ ثنا کی عمدہ بولنگ نے میزبان ٹیم کی چار وکٹیں صرف 29 رنز پر حاصل کر ڈالیں۔ سعدیہ اقبال نے برینڈا ٹن اور ایمیلیا کر کو آؤٹ کیا جبکہ سوزی بیٹس اور کپتان سوفی ڈیوائن کی وکٹیں فاطمہ ثنا نے حاصل کیں۔ میڈی کریس کو ندا ڈار نے 18 رنز پر آؤٹ کردیا۔ فلپر کے 28 رنز پر رن آؤٹ ہونے کے بعد پاکستان ویمنز کی جیت کے امکانات بڑھ گئے۔ نیوزی لینڈ ویمنز کو آخری دو اوورز میں جیت کیلئے 33 بنانا تھے آخری اوور میں 18 رنز درکار تھے۔ فاطمہ ثنا نے اس اوور میں 33 رنز بنانے والی ہاٹ رود کو بولڈ کردیا۔ ان کے اس آخری اوور میں میزبان ٹیم صرف 7 رنز بنانے میں کامیاب ہوسکی۔ فاطمہ ثنا نے 22 رنز دے کر 3 اور سعدیہ اقبال نے 29 رنز دے کر دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ ٹی سے قبل نیوزی لینڈ کی سابق کپتان سوزی بیٹس کو خراج تحسین پیش کرنے کی غرض سے دوسرے میچ کیلئے اس گراؤنڈ کا نام سوزی بیٹس اوول رکھا گیا۔ سوزی بیٹس نے ٹوئنٹی اور ون ڈے انٹرنیشنل کے مجموعی 305 میچوں میں نیوزی لینڈ کی نمائندگی کی ہے۔ سیریز کا تیسرا اور آخری ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل 9 دسمبر کو کوئنز ٹاؤن میں ہوگا۔

ڈیلون: پاکستانی ویمنز کرکٹرز دوسرے ٹی ٹوئنٹی میں فتح پر خوش

سپر لیگ کا فائدہ ہوا، بڑی ٹیموں کو ہرانے لگے، بلندی پر جائینگے، نداڈار

سیریز جیتنے پر خوش، کوشش ہوگی تیسرا میچ بھی جیتیں، عالیہ، امید ہے سپورٹ ملتی رہیگی، بسمہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان ندا ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان ٹیم اب بڑی ٹیموں کو بھی ہرانے لگی ہے، پہلے ٹونٹی اٹرپر اور اب نیوزی لینڈ کو ہرایا ہے۔ پی ایس ایل میں تین ٹرافی جیتنے کا بہت فائدہ ہوا ہے۔ لیگ میں ٹرافی جیتنے کا بہت فائدہ ہوا ہے۔ بہت کچھ سیکھا جو اب کام آیا۔ ندا ڈار نے کہا کہ صرف تین ٹرافی جیتنے سے اتنا کچھ سیکھنے اگر ورننگ ہوگی تو جیسا میں تین مزید کھیلوں گا۔ ٹونٹی اٹرپر کے خلاف وائٹ وش کیا نیوزی لینڈ کے خلاف بھی وائٹ وش کی کوشش ہوگی۔ کھلاڑیوں میں ذمے داری کا احساس بڑھا ہے، اب ہم کو بلندی کی جانب جانا ہے۔ پلیئر آف دی میچ عالیہ ریاض کا کہنا ہے کہ بھلی بار ٹیم کو سپورٹ ملتی رہی تو اچھا ہوگا۔ ہم کوشش کرتے ہیں کہ ہم ٹیم کو جتوائیں اور اچھا کھیلیں۔ بسمہ معروف نے کہا کہ سیریز جیتنے پر بہت خوشی ہے۔ کریڈٹ پوری ٹیم کو جاتا ہے۔ کسی بڑی ٹیم کو ہرانے کا خواب پالا آخر پورا ہوگیا۔ کافی عرصے سے کوشش میں تھے کہ کسی بڑی ٹیم کو ہرا سکیں۔ یہ یادگار جیت ہم دورکے کا نتیجہ ہے۔ ریٹنگ کے دوران ہی کوشش تھی کہ جو بھی گیند ملے اسے چوکے اور چھکے میں بدل دوں۔ کوشش ہوگی کہ سیریز کو تین صفر پر ختم کریں۔ سابق کپتان بسمہ معروف نے کہا کہ تاریخی فتح یادگار لمحات ہیں، خواتین ٹیم پر دباؤ تھا کہ اچھے نتائج نہیں آرہے۔ جیت کے اس مسلسل کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے، خواتین ٹیم کو سپورٹ ملے اور امید ہے اور سپورٹ ملتی رہے گی۔

انجرڈ شداب کو کاندھوں پر ڈریسنگ پہنچانے کا واقعہ، بورڈ ناراض

گراؤنڈ میں اسٹریچر نہیں تھا، اسپنر کا بیمار ساتھیوں نے فوری اٹھایا، ایمبولینس باہر تھی، ذرائع

ویڈیو وائرل، بھارت میں بھی مذاق بن گیا، پی ایس ایل کا نوٹس، پنڈی ٹیم چیمپئن کو شکار دینے پر غور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قومی ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے دوران پی ایل ایف میچ میں شداب خان زخمی ہوئے، گراؤنڈ میں اسٹریچر نہ ہونے کی وجہ سے انہیں کمبل پر منتقل کرکے ڈریسنگ روم پہنچایا گیا جس سے پی ایس ایل کا مذاق اڑایا جارہا ہے۔ دوران پریکٹس پی ایل ایف اسپورٹس کمپلیکس پر پنڈی اور سیالکوٹ کے درمیان میچ ہوا جس میں آگیا۔ بورڈ پنڈی کرکٹ ٹیم کو شوکاز نوٹس دینے پر غور کررہا ہے۔ یہ تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد ایک طوفان آگیا۔ صارفین نے پی ایل کی آواز ہاتھوں لیا اور کہا کہ یہ کس دور کی کرکٹ کھیل جارہی ہے۔ بھارت کے میڈیا نے بھی اس ایشو کو اٹھایا کہ پاکستان کے گراؤنڈز میں کھلاڑیوں کیلئے اسٹریچر کی سہولت تک دستیاب نہیں ہے۔ ذرائع کا بھرپور انکشاف ہوا ہے کہ گراؤنڈ کے باہر ایمبولینس موجود تھی لیکن کھلاڑیوں نے انہیں تندرست پر اٹھایا۔ پنڈی کے کھلاڑیوں کی طلبی پر انہوں نے اسٹریچر کیلئے ایمبولینس کی پی ایس ایل تحقیقات کررہا ہے۔ شداب خان زخمی ہونے کے بعد ذمے داری لیڈیا امپائر کی تھی کہ وہ اسٹریچر طلب کرتے اس کے بعد ہم شیئر اور کوچ کا کام تھا کہ وہ اس صورتحال کو سنبھالتے مطابق یہ معاملہ باہمی رابطوں کے فقدان کی وجہ سے پیش آیا۔

پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم منیجر کے بغیر ایشیا کپ کیلئے آج دبئی روانہ

شعیب محمد کی آخری چند دن قبل ہوئی، پاسپورٹ کی تجدید نہ ہوسکی، محمد یوسف بھلی بار سابق کوچ مقرر

کراچی (عبداللہ صدیقی) پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم بدھ کی صبح ایشیا کپ کیلئے کراچی سے دبئی روانہ ہورہی ہے۔ چند روز قبل منیجر بننے جانے والے سابق ٹیسٹ کرکٹر شعیب محمد کے ساتھ سفر نہیں کرسکیں گے۔ ان کے پاسپورٹ کی تجدید نہیں ہوسکی تھی، دو تازہ ٹیسٹ میچ کو جوائن کریں گے۔ شعیب محمد ماضی میں سلیکٹر اور فیلڈنگ کوچ رہنے کے بعد اب انتظامی رول میں دکھائی دیں گے۔ ان کی عدم موجودگی میں اسسٹنٹ بیٹنگ کوچ محمد مسرور منیجر کا کام بھی کریں گے۔ عام طور پر بڑے کھلاڑی پاکستان کی جونیئر ٹیموں کے ساتھ کام کرنے سے گریز کرتے ہیں لیکن پہلی بار سابق کپتان محمد یوسف کو ہیڈ کوچ بنایا گیا ہے۔ محمد یوسف لیول تھری کورس کا امتحان دے چکے ہیں۔ بھارت میں راہول دراوڈ کے بعد محمد یوسف جیسے عظیم کھلاڑی کو جونیئر ٹیم کی باگ دوڑ دی گئی ہے۔ منگل کو یوسف بیٹنگ کوچ عمر شریف کے ساتھ نوجوان کھلاڑیوں کو اپنے تجربات سے آگاہ کیا۔ محمد یوسف پاکستان ٹیم کے ساتھ بیٹنگ کوچ اور قومی اکیڈمی میں کوچ رہ چکے ہیں۔ ایشیا کپ کے بعد جنوبی افریقہ میں انڈر 19 ورلڈ کپ پاکستان ٹیم کا اصل امتحان ہوگا۔ محمد یوسف کہتے ہیں کہ جونیئر کھلاڑیوں سے اچھے ٹیلنٹ کو تراش کر پاکستان کیلئے کھلاڑی پیش کرنا ہے۔

کرکٹرز کو تھکاوٹ سے بچانے کیلئے ورک لوڈ قابو رکھنا حکام کیلئے چیلنج

گذشتہ برس پاکستانی پلیئرز نے اوسطاً 304 دن کرکٹ کھیلی، اس سال ٹیکنیکل پالیسی بنانیکا عزم

کراچی (عبداللہ صدیقی) پاکستان کرکٹ بورڈ، ہم انکلاب اور سینٹرل کیٹی کے لئے اس وقت سب سے بڑا چیلنج کھلاڑیوں کا ورک لوڈ کنٹرول کرنا ہوجائیگا۔ ماضی کا ریکارڈ گواہ ہے کہ سابق بورڈ انکلاب نے اس بات کی پروا نہیں کی اور کھلاڑی دو سے زیادہ فیرمیٹ کیلئے کھیلتے رہے۔ پی ایس ایل کے اعداد وشمار کے مطابق گذشتہ سال پاکستانی کھلاڑیوں نے اوسطاً 365 میں سے 304 دن کرکٹ کھیلی۔ اس میں پاکستان ٹیم کے علاوہ فیرمیگ، ٹیلی لیگز اور پریمئیر لیگ بھی شامل ہے۔ بااثر کھلاڑیوں کو ان لوسی حق ری جس کی وجہ سے انہیں قطعی کے مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ محمد حفیظ، وہاب ریاض اور شان مسعود نے پاکستانی ٹیم کے معاملات سنبھالنے کے بعد کھلاڑیوں کے ورک لوڈ کو منظم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حارث رؤف نے سینٹرل کنٹریکٹ کے باوجود ٹیسٹ کرکٹ کھیلنے سے انکار کردیا۔ انہیں جگ جیتی کیلئے این او سی جاری کیا گیا لیگیں شوکاز نوٹس دے کر انکار کی وضاحت مانگی گئی ہے۔ پی ایس ایل میں سینٹرل کنٹریکٹ والے کھلاڑیوں کی فیرمیگی لیگز کے لئے پالیسی بنانے کا عزم کیا تھا لیکن ابھی تک وہ پالیسی سامنے نہیں آسکی ہے۔ چیف سلیکٹر وہاب ریاض نے کراچی میں کھلاڑیوں سے ملاقات میں وعدہ کیا کہ ان کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی لیکن بعض کھلاڑی یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ موجودہ سیٹ اپ دوماہ میں تبدیل ہوجائیگا اس لئے نیا آنے والا نئی پالیسی بنائے گا۔ ڈائریکٹر کرکٹ محمد حفیظ 30 لاکھ روپے اور وہاب ریاض 24 لاکھ روپے ماہانہ تنخواہ لے رہے ہیں۔ محمد حفیظ کی دو سال کے لئے تقرری کی ہے اور ان کے ڈائریکٹر کے عہدے کا بھی اشتہار دے دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فیرمیگ لیگز کے لئے سخت پالیسی تو سامنے آسکتی ہے لیکن اس پالیسی پر عمل درآمد بورڈ کے لئے چیلنج ہوسکتا ہے۔

قومی ٹی 20: شارک ہیٹ ٹرک، لاہور بلوز نے راولپنڈی کو زیر کرلیا

166 کے جواب میں ناکام ٹیم 102 پر ڈھیر، پانچ رنز دیکر 5 وکٹ لینے والے بلور بہترین پلیئر قرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قومی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں ایک دن کے آرام کے بعد بدھ سے پریمیئر مرحلے کے چار میچ کھیلے جائیں گے۔ دفاعی چیمپئن پشاور نے چاروں میچ بلیک لیبٹ آباد اور پنڈی سے تین تین میچ جیتے ہیں۔ سہ 8 مرحلے میں ہی کی شب آخری میچ میں لاہور بلوز نے راولپنڈی کو 64 رنز سے شکست دیدی۔ اس میچ کی خاص بات لاہور بلوز کے شارک کی ہیٹ ٹرک تھی انہوں نے صرف 5 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کرلیں۔ بہترین پیک اسٹیڈیم میں لاہور بلوز نے 20 اوورز میں 6 وکٹ پر 137 رنز بنائے۔ تحسین طلعت نے تین چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 42 جبکہ عمر اکرم نے تین چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 40 رنز بنائے ناٹ آؤٹ رہے۔ عمران بٹ نے 39 رنز چوکے اور ایک چھکے کی مدد سے اسکور کیے۔ جواب میں راولپنڈی کی ٹیم 17.4 اوورز میں 102 رنز بنا کر آؤٹ ہوئی۔ مہمر خان 24 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔ شارک کو شاندار کارکردگی پر پلیئر آف دی میچ ایوارڈ دیا گیا۔

مڈل کا ٹینس کورٹس میں واپسی کا اعلان

کراچی (جنگ نیوز) سابق عالمی نمبر ایک ٹینس پلیئر رامیل مڈل نے جنوری میں برٹش انٹرنیشنل چیمپئن شپ کے ذریعے کورٹس میں واپسی کا اعلان کیا ہے۔ 37 سالہ بیلوفی رواں برس جنوری میں آسٹریلین اوپن چیمپئن شپ کے بعد سے ایکشن میں نظر نہیں آئے ہیں، انہیں کلبری کے سبب دوسرے راؤنڈ میں شکست ہوئی تھی۔

باسکٹ بال، دو میچوں کے فیصلے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بائی کشنر ساتھ بیورز باسکٹ بال فورٹمنٹ میں آرام باغ کلب نے رنجرز کلب کو ہرا دیا۔ کلب نے جب شوٹ کو ہرا دیا۔

ہمدرد یونیورسٹی میں ہفتہ طلبہ شروع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ہمدرد یونیورسٹی میں ہفتہ طلبہ کا آغاز ہوگیا۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید مجیب الحسن نے مدینۃ الحکمہ کیمپس میں افتتاح کیا۔ ہفتہ طلبہ کے پہلے روز کرکٹ، فٹبال، بیڈمنٹن، فٹسال اور ٹیبل ٹینس کے مقابلے ہوئے۔

طارق پرویز چیئرمین ورلڈ یوتھ اسکریبل کمیٹی مقرر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ورلڈ اسکریبل فیڈریشن (ویسپا) نے طارق پرویز کو ورلڈ یوتھ کھیلی کا چیئرمین مقرر کردیا۔ ویسپا کی جانب سے اس بات کا اعلان حالی فیلڈ نیلد میں ہونے والی ورلڈ یوتھ اسکریبل چیمپئن شپ کے اختتام پر کیا گیا۔

سندھ میں گیس بحران، ایس ایس جی سی نے نیا پلان جاری کر دیا

ایس ایس جی سی نے سندھ کے تمام کیپٹو پاور کو گیس سپلائی 4 ماہ کیلئے بند کرنے کی منصوبہ بندی کر لی

کراچی (ٹی وی رپورٹ) سندھ میں گیس کے بحران کے پیش نظر ایس ایس جی سی نے نیا پلان جاری کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایس ایس جی سی نے سندھ کے تمام کیپٹو پاور کو گیس سپلائی 4 ماہ کیلئے بند کرنے کی منصوبہ بندی کر لی ہے۔ ترجمان ایس ایس جی سی کا کہنا ہے کہ انڈسٹریز کے بجلی بنانے کے یونٹس کو فروری کے آخر تک گیس سپلائی معطل کرنے کا منصوبہ ہے۔ ایس ایس جی سی ترجمان کا کہنا ہے کہ وزارت توانائی نے موسم سرما میں گھریلو صارفین کو گیس دینے کی ہدایت کر رکھی ہے۔ موسم سرما میں بلوچستان سے گیس طلب میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے، سندھ کے تمام نجی بجلی گھروں کو گیس فراہمی چار ماہ کیلئے بند کرنے کا پلان ہے۔ ایس ایس جی سی ترجمان کے مطابق مالی سال 23-2022 میں گیس 1847 ایم ایم سی ایف ڈی سپلائی کی گئی تھی، رواں مالی سال گیس کم ہو کر 1730 ایم ایم سی ایف ڈی تک رہنے کی توقع ہے۔ گیس کی کمی پوری کرنے کیلئے گیس لوڈ مینجمنٹ کے تحت لوڈ شیڈنگ ہوگی۔

سیکرٹری ٹیکسٹ بک بورڈ فارغ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ تعلیم نے سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی سیکرٹری کو عہدے سے ہٹا دیا، جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ تاہم چیئرمین بورڈ تاحال عہدے پر موجود ہیں۔ محکمہ تعلیم سندھ کے نوٹیفکیشن کے مطابق محکمہ کالج کے پروفیسر حفیظ اللہ کو سیکرٹری سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ تعینات کر دیا

باقی صفحہ 6 نمبر 36

برطرف بھارتی میجر کا پاکستانی ایجنٹ سے رابطے کا شبہ تھا، تحقیقات

افسر کی آرمڈ فورسز ٹریبونل میں درخواست، اپنے خلاف کی گئی انکوائریوں کی کاپیاں مانگ لیں

کراچی (نیوز ڈیسک) بھارتی اخبار کے مطابق تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ برطرف بھارتی میجر کا پاکستانی ایجنٹ 'آروشی آکاش' سے رابطے کا شبہ تھا، افسر نے آرمڈ فورسز ٹریبونل میں درخواست دائر کر کے اپنے خلاف کی گئی انکوائریوں کی کاپیاں مانگ لیں۔ تفصیلات کے مطابق بھارتی فوج کا میجر، جسے اسٹریٹجک فورسز یونٹ میں تعینات کیا گیا تھا اور اکتوبر میں صدر کی جانب سے ملازمت سے برطرف کر دیا گیا تھا، فیس بک پر ایک پاکستانی انٹیلی

باقی صفحہ 6 نمبر 37

نوجوان جدید علوم وفنون سیکھ کر ملک کا نام روشن کریں، خالد مقبول

پورے پاکستان سے قابل وتعلیم یافتہ نوجوانوں کو عام انتخابات میں حصہ لینے کیلئے ٹکٹ فراہم کریں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کنوینر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ نوجوان وقت کی قدر کریں اور جدید علوم وفنون سیکھ کر ملک کا نام روشن کریں۔ پورے پاکستان سے قابل اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کو تنظیم کی جانب سے عام انتخابات میں حصہ لینے کیلئے ٹکٹ فراہم کریں گے تاکہ وہ ایوانوں میں جا کر قوم کا مقدمہ بہتر انداز میں پیش کر سکیں، وہ متحدہ کے شعبہ یوتھ فورم کے زیر اہتمام نوجوانوں کیلئے تربیتی پروگرام بعنوان لیڈرشپ و سوشل اسپیکٹ اور سوشل انٹرپرینیورشپ سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ آنے والے عام انتخابات میں بھی ہم پڑھے لکھے اور قابل نوجوانوں کے ہاتھ میں ملک کی باگ ڈور دیں گے جو اس ملک و قوم کو ترقی کی منازل طے کرائیں گے۔

بالی ووڈ سپر اسٹار عامر خان کو بالی ووڈ کے دوسرے اسٹار وشنو وشال اور ان کی اہلیہ کیساتھ سیلابی پانی سے محفوظ مقام کی طرف منتقل کیا جا رہا ہے، وہ چنائی میں طوفانی بارشوں کے بعد سیلابی پانی میں پھنس گئے تھے، عامر خان بالی ووڈ اداکار اور پروڈیوسر وشنو وشال کے گھر میں موجود تھے، وشنو وشال نے سوشل میڈیا پر اپنے گھر کی چھت سے ایک تصویر پوسٹ کی تھی جس میں انہوں نے مدد کی اپیل کی تھی

غزہ: جنوبی علاقے میں اسرائیلی بمباری سے شہید فلسطینیوں کے اہل خانہ غم سے نڈھال ہیں (اے ایف پی)

حماس کی سرنگیں نہیں زیر زمین شہر ہیں، اسرائیلی فوجی عہدیدار

سرنگیں تباہ کرنے کی ٹیکنالوجی کیلئے امریکا سے 320 ملین ڈالر ملے، کوئی فائدہ نہیں ہوا

کراچی (نیوز ڈیسک) اسرائیلی فوج کے ایک عہدیدار نے بتایا ہے کہ غزہ میں حماس نے سرنگیں نہیں بلکہ زیر زمین شہر آباد کر رکھے ہیں، حماس نے ماضی کے اسرائیلی حملوں سے بہت کچھ سیکھا ہے، اسرائیلی عہدیدار نے بتایا ہمیں سرنگیں تباہ کرنے کی

باقی صفحہ 6 نمبر 28

کراچی کے ساحل پر گرین ٹرٹل کی نسل ناپید ہونے کا خطرہ

دو غیر آباد جزیرے ہی ان کی افزائش نسل کا مرکز رہ گئے

5 میں سے چار نسلیں مٹ گئیں، ساحلوں پر بڑھتی تعمیرات خطرہ بن گئیں

کراچی (اے ایف پی) سبز کچھوے (گرین ٹرٹل) پاکستان کے شہری علاقوں میں اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ پاکستان کی گنجان ترین آباد بندرگاہ کراچی جہاں مصروف ٹریفک کا شور اور تعمیراتی کام زور وشور سے جاری ہے۔ بحیرہ عرب کے

باقی صفحہ 6 نمبر 29

کراچی گرلز کالج میں مرد ڈپٹی ڈائریکٹر کو رہائش دینے کا انکشاف

رزاق بھٹو کو حلیم سومرو کی ہدایت پر عبدالباری اندھڑ نے الاٹ کیا، خالی کرنے کا نوٹس دیا ہے، پرنسپل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں خاتون پاکستان کالج کے ہاسٹل میں مرد افسران کی رہائش کے بعد ایک اور گرلز کالج میں مرد افسران کی رہائش کا انکشاف ہوا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ عمر کوٹ سے تعلق رکھنے والے ڈپٹی ڈائریکٹر رزاق بھٹو کو ڈپوٹیشن پر

باقی صفحہ 6 نمبر 31

بوہرہ برادری کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، وزیر اعظم

ڈاکٹر سیدنا مفضل سیف الدین کی قیادت میں بوہرہ برادری کے وفد سے گفتگو

اسلام آباد (اے پی پی) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے پاکستان کی ترقی میں بوہرہ برادری کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی حکومت اور عوام بوہرہ برادری کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ وزیر اعظم نے ان خیالات کا اظہار داؤدی بوہرہ برادری کے روحانی پیشوا ڈاکٹر سیدنا مفضل سیف الدین کی قیادت میں

باقی صفحہ 6 نمبر 32

برطانیہ آنے کی اہل حاملہ افغان خواتین پاکستان میں پھنس کر رہ گئیں

برٹش کونسل کے لیے کام کرنے والے یا اس سے وابستہ لوگوں کے بچے ضائع ہونے کا خدشہ

کراچی (نیوز ڈیسک) برطانیہ آنے کی اہل حاملہ افغان خواتین پاکستان میں پھنس کر رہ گئیں، برٹش کونسل کے لیے کام کرنے والے یا اس سے وابستہ لوگوں کے بچے ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق حاملہ افغان خواتین، جو برطانیہ میں دوبارہ آباد ہونے کی اہل ہیں، ان سے کہہ دیا گیا ہے کہ انہیں فوری طور پر نکالا نہ گیا تو ان

باقی صفحہ 6 نمبر 33

اسلام آباد: صدر مملکت عارف علوی داؤدی بوہرہ کے روحانی پیشوا سیدنا مفضل کو نشان پاکستان عطا کر رہے ہیں

عام انتخابات، نون لیگ امیدواروں کی نامزدگی میں پہل کریگی

امیدواروں کے انٹرویوز کا مکمل رواں ماہ کی 19 تاریخ سے پہلے مکمل کر لیا جائیگا

